Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعۃ المبارک 23 دسمبر، 2022ء 28 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 224

اگر ثابت ہوا افغان طالبان ٹی ٹی پی کو روک نہیں رہے تو اسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان کا کردار کلیدی رہا ہے، بلاول بھٹو زرداری

افغانستان کو دہشتگرد ٹی ٹی پی کیخلاف کارروائی کرنی ہوگی، پاکستان کیلئے مسائل پیدا ہوئے ہیں، وزیر خارجہ

دھاندلی میں مدد مل سکے، ادارے متنازع سے آئینی کردار کی طرف آچکے ہیں تاہم کچھ سیاستدان ہیں جو نفرت پھیلا رہے ہیں اور سیاسی اختلاف کو دشمنی کا رنگ دے رہے ہیں

پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہو کہ چاہتے ہیں افغانستان میں امن واستحکام ہو، خطے کا امن افغانستان میں امن سے مشروط ہے

واشنگٹن (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی پاکستان کیلئے ریڈ لائن ہے، اگر ثابت ہوا کہ افغان طالبان ٹی ٹی پی کو روک نہیں رہے تو اسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستانی سفارت خانے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ افغان طالبان کو بتا دیا ہے کہ اگر ٹی ٹی پی کو نہ روکا تو ہمارے تعلقات ٹھیک نہیں رہیں گے، اگر افغان طالبان کو شدت پسندوں کے خلاف آپریشن میں مدد کی ضرورت ہو تو فراہم کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسداد دہشتگردی کیلئے امریکا کے ساتھ تعاون پر کوئی نیا معاہدہ نہیں ہوا، افغانستان کے فنڈز کی بات طالبان کے لیے نہیں بلکہ افغان عوام کے لیے کرتے ہیں، طالبان نے امریکا اور دنیا سے بھی شدت پسند گروہوں کے خلاف کارروائی کے وعدے کیے۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا میں سفارت خانے کی ملکیتی عمارت فروخت ہونا ضروری ہے، عمارت کی حالت مخدوش ہے، اس پر ٹیکس اور دیگر اخراجات بہت زیادہ لگ سکتے ہیں تاہم نیویارک میں ہوٹل کی فروخت کے حق میں نہیں ہوں۔ پاکستان میں انتخابات سے متعلق سوال پر بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انتخابات وقت پر ہی ہوں گے، عمر (بقیہ نمبر 1)

آفس ٹائم صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک ہونا چاہیے، خواجہ آصف

ملک میں سورج کی روشنی سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے تو توانائی کی بچت ہوسکتی ہے

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آفس ٹائم صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک ہونا چاہیے۔ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے وزیر دفاع خواجہ آصف نے وفاقی وفد کیساتھ ملاقات کی (بقیہ نمبر 8)

بلاول کا نیویارک میں بیان، ملک میں نئی جنگ کا آغاز ہوگیا، شیخ رشید

معاشی بحران کے ساتھ سیاسی بحران مزید گہرا ہوگیا، اسمبلیاں چھوڑنا حق ہے، سابق وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان عوامی مسلم لیگ کے سربراہ وسابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ معاشی بحران کے ساتھ سیاسی بحران مزید گہرا ہوگیا ہے۔ سماجی روابط کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام (بقیہ نمبر 3)

ادارے عوام مخالف قوتوں کے ساتھ کھڑے نہ ہوں، فواد چودھری

آئین کا احترام کریں، عوام کو حقوق سے محروم رکھنے کیلئے مافیا کا ساتھ دینا ملکی مفاد میں نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما وسابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی لیڈر شپ کے چہرے عوام کے دشمن ہیں، ادارے عوام مخالف قوتوں کے ساتھ کھڑے (بقیہ نمبر 2)

معیشت کی بہتری اور ایندھن کی مدّ میں امپورٹ بل میں کمی کیلئے شمسی توانائی کا فروغ ناگزیر ہے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

شمسی توانائی وقت کی اہم ضرورت ہے، وزیر اعظم

نجی سطح پر شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دینے کے حوالے سے ضروری اقدامات کئے جائیں، شمسی بجلی گھروں کے حوالے سے بڈنگ کا کام تیز تر اور شفاف بنانے کے حوالے سے تمام متعلقہ محکمے ضروری اقدامات کریں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شمسی توانائی وقت کی اہم ضرورت ہے، معیشت کی بہتری اور ایندھن کی مدّ میں امپورٹ بل میں کمی کیلئے شمسی توانائی کا فروغ ناگزیر ہے، نجی سطح پر شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دینے کے حوالے سے ضروری اقدامات کئے جائیں، شمسی بجلی گھروں کے حوالے سے بڈنگ کا کام تیز تر اور شفاف بنانے کے حوالے سے تمام متعلقہ محکمے ضروری اقدامات کریں، گرمی کا موسم شروع ہونے سے پہلے سرکاری عمارات کی شمسی توانائی پر منتقلی کو یقینی بنایا جائے، شمسی توانائی پر (بقیہ نمبر 4)

نامعلوم افراد نے طالبعلم کو اغواء کرلیا، مقدمہ درج

رائے ونڈ (این این آئی) نامعلوم افراد نے طالب علم کو اغواء کرلیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ (بقیہ نمبر 5)

وفاقی وزیر (توانائی) نے 500 کے وی ایچ وی اے سی گرڈ سٹیشن نوشہرہ کا سنگِ بنیاد رکھ دیا

اس کے علاوہ وفاقی وزیر نے کاسا 1000 پاور پراجیکٹ کے تحت ایچ وی ڈی سی کنورٹر سٹیشن پر تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ بھی لیا

لاہور (نامہ نگار) وفاقی وزیر برائے توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے جمعرات کے روز تحصیل اضا خیل بالا ضلع نوشہرہ میں کاسا - 1000 منصوبے (بقیہ نمبر 6)

لاہور، وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعظم کے داماد کی 14 دن کیلئے حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے داماد ہارون یوسف عزیز کی 14 دن کیلئے حفاظتی ضمانت منظور ہو گئی۔ جمعرات کو آمدن سے زائد اثاثہ (بقیہ نمبر 30)

حقیقی آزادی کا سورج جلد طلوع ہونے والا ہے، ڈاکٹر شاہد صدیق

عوام سے دور کرنے کی سازشیں کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ حقیقی آزادی کا سورج جلد طلوع ہونے والا ہے، کرپشن کیخلاف جہاد ہمارے ایمان کا حصہ ہے عمران خان محبِ وطن پاکستانی کا کردار ادا کررہے ہیں، الیکشن کمیشن و فاقی حکومت کی کٹھ پتلی کا کردار ادا کرنے کی بجائے آئین و قانون (بقیہ نمبر 29)

پنجاب میں اگر کوئی غیر آئینی قدم اٹھایا گیا تو آئین شکنی کا مقدمہ ہوگا، مسرت جمشید چیمہ

گورنر پنجاب کے پاس وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے، اسمبلی سیشن کے دوران اجلاس بلانے کا اختیار نہیں

عوام کو عدم اعتماد وفاقی حکومت پر ہے، پنجاب اسمبلی کی بجائے ملک بھر کی عوام کے اعتماد کا فیصلہ کیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما وسابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی لیڈر شپ کے چہرے عوام کے دشمن ہیں، ادارے عوام مخالف قوتوں کے ساتھ کھڑے (بقیہ نمبر 2)

موجودہ حکمران ایلیکشن سے بھاگ رہے ہیں، عمران کا اچانک خیال کیسے آیا، اسد عمر

گورنر پنجاب کا خط دیکھ کر سمجھ نہیں آتی بندہ ہنسے یا روئے، موجودہ حکومت جمہوریت کے بنیادی اصول پامال کرنے پر تلی ہے

15 لاکھ لوگ ٹیکسٹائل کی صنعت میں بیروزگار ہوگئے ہیں، جہاں یہ معیشت کو لے کر آگئے ہیں وہ ایک اور ہی کہانی ہے

اسلام آباد (این این آئی) جنرل سیکرٹری تحریک انصاف اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ حکمران پنجاب اور خیبر پختونخوا کے الیکشن سے بھاگ رہے ہیں، انہیں اچانک کیسے خیال آگیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اپنا اعتماد کھو بیٹھے ہیں۔ تحریک انصاف اسد عمر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو ڈی نوٹیفائی کرنے کے اعلان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنر پنجاب کی طرف سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا اعلان آئین سے انحراف ہے، اس اقدام پر گورنر کے پراسس کچھ دنوں تک شروع ہو جائیگا۔ انہوں نے گورنر پنجاب کی طرف سے وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے کے اعلان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنر پنجاب کی طرف سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا اعلان آئین سے انحراف ہے، اس اقدام پر گورنر کے اوپر آرٹیکل 6 بھی لگ سکتا ہے۔ گورنر نے اعتماد کا ووٹ دو اجلاس کے ان سیشن ہوتے ہوئے تیسرا اجلاس بلا کر غیر آئینی کام کیا ہے۔ گورنر اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے غیر آئینی اقدام نہ کرے، وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے جیسا اقدام اٹھا کر (بقیہ نمبر 13)

کراچی وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ امن وامان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیصل آباد میں آٹے کا بحران جاری، سستا آٹا سیل پوائنٹس پر آٹا نہ پہنچ سکا

سیکرٹری خوراک اور پنجاب حکومت انہیں سرکاری ریٹ پر گندم فراہم نہیں کر رہی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور ضلع بھر میں آٹے کا بحران جاری، سستا آٹا سیل پوائنٹس پر آٹا نہ پہنچ سکا، شہر بھر میں سستے آٹے کیلئے مردوں خواتین، بچوں اور بزرگوں کی لمبی قطاریں، ڈویژنل کمشنر، ڈسٹرکٹ محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے فلور ملز مالکان شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے، ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے روزانہ سیل پوئنٹس کی لسٹیں تیاری کی جاتی ہیں فلوروں کی جانب ضلعی انتظامیہ کے مقرر سیل پوائنٹس کو آٹا کم فراہم کیا جارہا ہے اور فلوروں ملوں نے اپنی ملوں کے باہر سستے آٹے کے سیل پوائنٹس بند کردیئے ہیں جس کی وجہ سے آٹا بحران پیدا ہوگیا جبکہ ضلعی انتظامیہ منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے سامنے بے بس ہے، آٹا میدہ، سوجی سمیت دیگر اشیا کی قیمتیں دوگنا ہ اضافہ، ضلعی انتظامیہ آٹے کا بحران کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی، گندم نئی فصل آنے سے (بقیہ نمبر 11)

عمران خان انا کی تسکین کیلئے بارہ کروڑ عوام کے مینڈیٹ کو پاؤں تلے روند رہا ہے، ارسلان حیات

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ارسلان حیات نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کے پاس مطلوبہ تعداد پوری ہوتی تو کبھی بھی اعتماد کا ووٹ لینے سے راہ فرار اختیار نہ کی جاتی، عمران خان اپنی انا کی تسکین کے لئے بارہ کروڑ عوام کے صوبے کے مینڈیٹ کو پاؤں تلے روندنے سے بھی گریز نہیں کر رہے، تحریک انصاف اور (ق) لیگ کے اراکین اسمبلی جرات کا مظاہرہ کریں اور (بقیہ نمبر 9)

امریکی شرح سود میں اضافہ کے پاکستان کی معیشت پر اثرات

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ میں مہنگائی کی بڑھتی ہوئی شرح سے عالمی سطح پر اثرات مرتب ہوں گے، خاص طور پر پاکستان جیسی ترقی پذیر معیشتوں پر، جو برآمدات اور گرین بیک کے لحاظ سے امریکی معیشت سے گہرا تعلق رکھتی ہیں۔ پاکستانی روپیہ امریکی ڈالر کے برابر ہے اس لیے اس کی قدر میں کمی آئی ہے، حالانکہ چند دیگر عوامل نے بھی روپے کی گراوٹ میں حصہ ڈالا ہے (بقیہ نمبر 27)

کرونا کے مزید 19 کیسز رپورٹ

راولپنڈی میں کورونا وائرس کا 1 کیس رپورٹ، مثبت کیسز کی شرح اعشاریہ 83 فیصد رہی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کرونا کے مزید 19 کیسز رپورٹ ہوئے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 4 ہزار 423 ٹیسٹ کئے گئے، گزشتہ 24 گھنٹوں کورونا کے 19 مریض رپورٹ ہوئے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کرونا کے مثبت کیسز کی شرح (بقیہ نمبر 10)

فیصل آباد: جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی

سونیا 5 روز سے الائیڈ ہسپتال میں موت وحیات کی کشمکش میں ہے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی، ملزمہ شمیم نے غیر مرئی مخلوق نکالنے کے بہانے سونیا کو جلایا، ملزمہ نے پہلے سونیا کو لوہے کی گرم سلاخوں سے جلایا اور پھر علاج کی غرض سے کوئلے جلا کر آگ میں جھونک دیا۔ (بقیہ نمبر 12)

پنجاب میں اگر کوئی غیر آئینی قدم اٹھایا گیا تو آئین شکنی کا مقدمہ ہوگا، مسرت جمشید چیمہ

گورنر پنجاب کے پاس وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے، اسمبلی سیشن کے دوران اجلاس بلانے کا اختیار نہیں

عوام کو عدم اعتماد وفاقی حکومت پر ہے، پنجاب اسمبلی کی بجائے ملک بھر کی عوام کے اعتماد کا فیصلہ کیا جائے

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیر اعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب میں اگر کوئی غیر آئینی قدم اٹھایا گیا تو آئین شکنی کا مقدمہ ہوگا، گورنر پنجاب کے پاس وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ گورنر پنجاب کے پاس وزیر اعلیٰ کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا اختیار نہیں اور گورنر کے پاس اسمبلی سیشن کے دوران (بقیہ نمبر 28)

رائے ونڈ میں بجلی کی 14 گھنٹے طویل بندش سے نظام زندگی مفلوج

سینکڑوں فیکٹریاں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث بند کردی گئیں

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں بجلی کی 14 گھنٹے طویل بندش سے نظام زندگی مفلوج ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کی شب 10 بجے بجلی بند ہوئی جو جمعرات کی دوپہر 12 بجے بحال کی گئی جس سے شہر اور گردونواح کے علاقوں میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بجلی کیساتھ ساتھ گیس کی لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کردیا، بجلی طویل بندش سے مساجد میں پانی کا ذخیرہ ختم ہونے سے نمازیوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اسی طرح خواتین کو امور خانہ داری سرانجام دینے میں دشواری پیش آئی بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ سے کاروباری نظام متاثر ہوا، چھوٹا کاروبار کرنیوالے درزی، حجام، دھوبی، مکینک وغیرہ کو شدید نقصان برداشت کرنا پڑا ہے، سینکڑوں فیکٹریاں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث بند کردی گئیں اور ملازمین کو رخصت پر بھیج دیا گیا، اس اقدام سے جہاں ہزاروں مزدور بے روزگار ہوگئے ہیں وہاں جرائم کی شرح میں بھی اضافہ ہوا ہے بجلی کی طویل بندش سے امن (بقیہ نمبر 26)

چیف آف دی نیول اسٹاف کا مراکش کا سرکاری دورہ، بحری تعاون پر گفتگو

رائل مراکش نیوی کے سربراہ سے ملاقات میں دوطرفہ بحری تعاون اور علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

نیول چیف کے دورے سے دونوں ممالک کے درمیان بالعموم اور بحری افواج کے مابین بالخصوص دفاعی تعلقات کو فروغ حاصل ہوگا

اسلام آباد (نامہ نگار) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے مراکش کے سرکاری دورے کے دوران رائل مراکش نیول لیڈر شپ سے ملاقات کی۔ رائل مراکش نیول ہیڈ کوارٹرز آمد پر مراکش نیوی کے سربراہ وائس ایڈمرل مصطفیٰ العلامی نے نیول چیف کا استقبال کیا اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ رائل مراکش نیوی کے سربراہ سے ملاقات میں دوطرفہ بحری تعاون اور علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیول چیف نے ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پٹرولز (RMSP) اور کمبائنڈ میری ٹائم فورس میں شرکت کے ذریعے خطے میں میری ٹائم سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے پاک بحریہ کے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا۔ امیر البحر نے بلیو اکانومی کے فروغ کے لیے میزبان بحریہ کو مشق امن اور PIMEC-23 میں شرکت کی دعوت دی اور دوطرفہ مشقوں اور تربیتی پروگرامز کے ذریعے دونوں (بقیہ نمبر 25)

گورنر پنجاب اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے غیر آئینی اقدام نہ کرے

تحریک عدم اعتماد کے اوپر اسپیکر اور حکومت پنجاب عمل درآمد کروانے کو تیار ہے، عدم اعتماد کر پراسس کچھ دنوں تک شروع ہو جائیگا

تحریک عدم اعتماد کے بعد دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائیگا، تیرہ گیدڑوں کی جماعت کو اپنی اوقات کا پتا چل جائیگا

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے غیر آئینی اقدام نہ کرے، آرٹیکل 6 بھی لگ سکتا ہے، تحریک عدم اعتماد کے اوپر اسپیکر اور حکومت پنجاب عمل درآمد کروانے کو تیار ہے، عدم اعتماد کر

پشاور، وزیر اعلیٰ پختونخوا محمود خان حیات آباد کرکٹ سٹیڈیم کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور، وفاقی وزیر ساجد حسین طوری او پی ایف ہاؤسنگ سکیم میں کمرشل کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں

ہائی کورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواستوں کو یکجا کردیا، فریقین کو جواب کیلئے نوٹسز جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواستوں کو یکجا کردیا اور فریقین کو جواب کیلئے نوٹسز جاری کردیئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے شہر اقتدار میں بلدیاتی انتخابات ملتوی اور یونین کونسل کی تعداد بڑھانے ووٹرز اندراج اور حلقہ (بقیہ نمبر 24)

قلات میں شدید سردی سے منفی 6 ڈگری ہوگیا، میدانوں میں موجود پانی جم گیا

بجلی کی لوڈشیڈنگ سے سرد موسم میں معمولات زندگی بری طرح متاثر ہیں، رپورٹ

قلات (این این آئی) قلات میں شدید سردی سے منفی 6 ڈگری ہوگیا، میدانوں میں موجود پانی جم گیا۔ تفصیلات کے مطابق قلات میں شدید سردی کی وجہ سے درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا جس کے باعث گلیوں اور میدانوں میں موجود پانی جم گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ضلع میں شدید سردی کی وجہ سے گیس کی بھی قلت (بقیہ نمبر 15)

بغاوت پر اکسانے کا کیس، شہباز گل کے وارنٹ گرفتاری جاری

اگلی پیشی پر حاضری یقینی بنائیں، کیس کی سماعت 6 جنوری تک ملتوی کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اداروں اور ان کے سربراہان کے خلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے گئے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں شہباز گل کے خلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ شہباز گل کے وکلاء (بقیہ نمبر 16)

متنازع بیانات کیس، بلوچستان ہائیکورٹ کا شہباز گل کیخلاف مقدمہ ختم کرنے کا حکم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کے خلاف مقدمہ ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ جمعرات کو بلوچستان ہائی کورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کے خلاف اداروں کے خلاف متنازع بیانات کیس کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت عدالت نے شہباز گل کے خلاف مقدمہ ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ اس طرح (بقیہ نمبر 14)

پاکستان نے ماضی میں بھی دہشتگردی کو شکست دی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

بلاول بھٹو زرداری کی گرفتاری کی خبر جھوٹ اور حقائق کے منافی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے ماضی میں بھی دہشتگردی کو شکست دی ہے اور اب بھی خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، بھارتی ریاستی دہشت گردی پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ارکان کو بھی ڈوزیئر دیا گیا، بھارت (بقیہ نمبر 23)

واہ کینٹ، 9 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا درندہ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 9 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والے ملزم ذیشان علی کو گرفتار کرلیا۔ واقعے کی اطلاع پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، صدر عارف علوی ایوان صدر میں کوہلو کیڈیٹس کالج کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد: جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی

سونیا 5 روز سے الائیڈ ہسپتال میں موت وحیات کی کشمکش میں ہے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی، ملزمہ شمیم نے غیر مرئی مخلوق نکالنے کے بہانے سونیا کو جلایا، ملزمہ نے پہلے سونیا کو لوہے کی گرم سلاخوں سے جلایا اور پھر علاج کی غرض سے کوئلے جلا کر آگ میں جھونک دیا۔ (بقیہ نمبر 12)

وفاقی وزیر برائے بجلی خرم دستگیر نوشہرہ میں 500KV گرڈ کا افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

اختساب عدالت نے لیاقت قائم خانی کیخلاف ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے لیاقت قائم خانی کیخلاف ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا۔ جمعرات کو احتساب عدالت میں سابق ڈی جی پارکس لیا (بقیہ نمبر 18)

سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں کی بھرمار ہے، پی ٹی اے کا انکشاف

مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز نے جھوٹی خبروں کیخلاف 15 ہزار سے زائد شکایات پر 6 ہزار لنکس کو بلاک کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے دستاویزات میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں کی بھرمار ہے، 7 ہزار اکاؤنٹس ابھی بھی فیک نیوز پھیلا رہے ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز نے جھو (بقیہ نمبر 17)

پاک یونان تجارت کو حقیقی صلاحیت تک بڑھانے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

، روایتی شعبوں کے علاوہ تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کی جانی چاہیے، عارف علوی کی نامزد سفیر سے گفتگو

پاکستان اور یونان کے چیمبرز آف کامرس کے درمیان قریبی روابط کے فروغ سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں مدد ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ پاک یونان تجارت کو حقیقی صلاحیت تک بڑھانے کی ضرورت ہے، روایتی شعبوں کے علاوہ تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کی جانی چاہیے، پاکستان اور یونان کے چیمبرز آف کامرس کے درمیان قریبی روابط کے فروغ سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں مدد ملے گی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے یونان میں پاکستان کے نامزد سفیر محمد عامر آفتاب قریشی نے ملاقات کی جس میں گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر پاکستان اور یونان کے مابین تجارتی اور اقتصادی تعلقات فروغ دینے کیلئے کام کریں۔ عارف علوی نے کہا کہ پاک یونان تجارت کو حقیقی صلاحیت تک بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی شعبوں کے علاوہ تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 21)

پتوکی، تین افراد نے بیس سالہ لڑکی کو اغواء کرلیا، مقدمہ درج

گھر میں موجود اسکی 20 سالہ بیٹی یاسمین کو اغواء کرلیا

پتوکی (این این آئی) پتوکی کے نواحی گاؤں سندھو کلاں میں تین افراد نے بیس سالہ لڑکی اغواء کرلیا، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھو کلاں میں رہائش پذیر حنیف کام کے سلسلے میں گھر سے باہر گیا ہوا تھا کہ جرانوالہ کا رہائشی ملزم افضل اپنے (بقیہ نمبر 20)

پنجاب حکومت کی پارلیمنٹری ایشنز کیلئے 22 کروڑ روپے گرانٹ کی منظوری

گرانٹ سپریم کورٹ، ہائیکورٹ، ڈسٹرکٹ اور تحصیل بارز میں تقسیم کی جائے گی

فنڈ سے وکلا کیلئے ضروری سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، صوبائی وزیر پارلیمانی امور راجہ بشارت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پارلیمنٹری ایشنز کے لئے 22 کروڑ روپے گرانٹ کی منظوری دے دی۔ یہ منظوری صوبائی وزیر پارلیمانی امور، تحفظ ماحول وکوآپریٹوز محمد بشارت راجہ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے امور قانون سازی کے اجلاس میں دی گئی۔ صوبائی وزیر قانون خرم شہزاد ورک، سیکرٹری قانون اختر جاوید اور سیکرٹری زراعت نے بھی شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کی ہدایت پر جاری کی جانے والی گرانٹ سپریم کورٹ، ہائیکورٹ، ڈسٹرکٹ اور تحصیل بارز میں تقسیم کی جائے گی۔ اس موقع پر چیئرمین کمیٹی محمد بشارت راجہ نے اس امید کا اظہار کیا کہ پنجاب حکومت کے جاری کردہ فنڈ سے وکلا برادری کے لئے ضروری سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی۔ اس گرانٹ سے بار ایسوسی ایشنز کی لائبریریوں کیلئے کتابوں اور دیگر ضروری سامان کی خریداری کی جاسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ وکلا کمیونٹی کی بہتری کے (بقیہ نمبر 19)

عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریاست کے ستون

مقننہ، عدلیہ، انتظامیہ اور میڈیا، وہ بنیادی ستون ہیں جن پر کسی مملکت کی عمارت استوار ہوتی ہے۔ یہ بنیادی ستون ریاست کو بادِ مخالف کے تھپیڑوں سے بچانے میں ہمہ وقت وہمہ تن مصروفِ کار رہتے ہیں۔ اگر کسی ایک ستون میں بھی ضعف پیدا ہوجائے تو یہ عمارت متزلزل ہوجاتی ہے۔ جہاں چاروں ستون ہی ضعف کی انتہاں کو چھو رہے ہوں وہاں مملکت کا قائم رہنا کسی معجزے سے کم نہیں ہوتا۔ پاکستان کی تشکیل اگر کسی معجزے سے کم نہیں تو اِس کا قائم رہنا بھی معجزہ ہی ہے کیونکہ حالت یہ کہ اِس کے کسی بھی ستون کی کارکردگی لائقِ تحسین نہیں۔ یہ وہ مملکتِ خداداد ہے جہاں مایوسیوں کے گھٹاٹوپ اندھیروں میں قوم کی حالت اِس نہج پر آن پہنچی ہے کہ

منصور حقیقت کو سرِ دار نہ دیکھا
اچھا ہے کہ آج کا اخبار نہ دیکھا

مقننہ وہ مجلس ہوتی ہے جو قوانین بناتی، اِس میں ترمیم کرتی یا قانون کو ختم کرسکتی ہے۔ پارلیمانی نظامِ حکومت میں پارلیمنٹ ہی وہ جگہ ہوتی ہے جہاں قانون سازی کی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں 90 فیصد سے زائد پارلیمنٹیرینز نے تو شاید آئین کی کتاب کو کھول کر بھی نہیں دیکھا ہوگا۔ یہاں آپ کو ایسے کئی انگوٹھا چھاپ اور لوٹے مل جائیں گے جو اپنی دولت اور ذات برادری کے بل پر پارلیمنٹ میں پہنچتے ہیں۔ ایسے پارلیمنٹیرینز کو الیکٹیبلز یا بابا الفاظِ دیگر جیتنے والے گھوڑے بھی کہا جاتا ہے اور ان کی ہر سیاسی جماعت میں بہت مانگ ہے۔ کروڑوں روپے صرف کرکے جب یہ پارلیمنٹ میں پہنچتے ہیں تو اِن کے مدِنظر ملک وقوم نہیں، اپنی ذات ہوتی ہے، صرف اپنی ذات۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں کرپشن کی کہانیاں عام ہیں جن سے مبرا کوئی نہیں۔ استثنائی صورتیں بہرحال موجود لیکن ہر سیاسی جماعت کے سربراہ سے لے کر نیچے تک کرپشن کی داستانیں زباں زدِ عام۔

ریاست کا دوسرا بنیادی ستون عدلیہ۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق پولیس اور عدلیہ پاکستان کے کرپٹ ترین ادارے۔ ارضِ وطن میں عدل کی تاریخ کبھی بھی لائقِ تحسین نہیں رہی۔ 1954 سے اب تک ہماری عدلیہ نظری ضرورت کے گھنے پیڑ کی چھاں میں پل بڑھ کے جوان ہوئی۔ پاکستان میں نظری ضرورت کے خالق جسٹس منیر نے 1954 میں اِسی نظریے کو بروئے کار لاکر گورنر جنرل غلام محمد کے پارلیمنٹ کی تحلیل کے حق کو جائز قرار دیا۔ ایوب خاں کا مارشل لا ہو یا ضیاالحق کا، سبھی اِسی نظری ضرورت کی پیداوار ہیں۔ 12 اکتوبر 1999 کو جنرل پرویز مشرف نے میاں نواز شریف کی آئینی حکومت کا تختہ الٹا تو اِسی نظری ضرورت کی تلوار نے جمہوریت کا گلا کاٹا اور عدالت نے آمر پرویز مشرف کو فوج کی مداخلت کے دن یعنی 12 اکتوبر 1999 سے لے کر 3 سال کا عرصہ دیا تاکہ وہ اپنے مقاصد حاصل کرسکے۔

عدلیہ بحالی تحریک کے بعد خیال تو یہی تھا کہ نظری ضرورت ہمیشہ کے لیے دفن ہوگیا لیکن خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سنا افسانہ تھا۔ 2008 سے 2018 تک کے عشرے میں اِسی عدلیہ نے پیپلزپارٹی کے منتخب وزیرِاعظم یوسف رضا گیلانی کو گھر بھیجا اور نواز لیگ کے 3 بار کے منتخب وزیرِاعظم میاں نواز شریف کو تاحیات نااہل قرار دیا۔ میاں نواز شریف کی نااہلی کا فیصلہ کسی لطیفے سے کم نہیں۔ انہیں جولائی 2017 میں اِس بنیاد پر نااہل قرار دیا گیا کہ انہوں نے اپنے بیٹے سے 10 ہزار درہم ماہانہ تنخواہ نہیں لی لیکن لے تو سکتے تھے۔ اِس لیے تنخواہ نہ لینے کا ڈیکلیریشن ضروری تھا۔ اِس بنیاد پر آرٹیکل 62-1F کے تحت انہیں تاحیات نااہل قرار دیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب میاں نواز شریف نے تنخواہ کا ایک پیسہ بھی وصول نہیں کیا تو پھر ڈیکلیریشن کیسی؟۔

4 اکتوبر 2022 کو معزز سپریم کورٹ نے فیصل واوڈا تاحیات نااہلی کیس کی سماعت کرتے ہوئے محترم چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے تاحیات نااہلی کو کالا قانون قرار دیا۔ بعد ازاں فیصل واوڈا کی تاحیات نااہلی کو موجودہ قومی اسمبلی کی مدت مکمل ہونے تک محدود کردیا گیا۔ انتہائی محترم چیف جسٹس صاحب کا تاحیات نااہلی کو کالا قانون قرار دینا سبھی کو حیران کرگیا۔ کیونکہ 2018 میں چیف جسٹس ثاقب نثار کی سربراہی میں 5 رکنی بنچ تشکیل دیا گیا جس میں آرٹیکل 62-1F کے تحت نااہلی کی مدت کا تعین مقصود تھا۔ اِس بنچ کے فیصلے کے مطابق چونکہ آرٹیکل 62-1F میں نااہلی کی مدت کا تعین نہیں کیا گیا اِس لیے نااہلی تاحیات ہوگی۔ محترم جسٹس عمر عطا بندیال اس 5 رکنی بنچ کا حصہ تھے اور انہوں نے ہی یہ فیصلہ تحریر کیا تھا۔ اِس کے علاوہ جہانگیر ترین کی تاحیات نااہلی کے کیس میں بھی محترم جسٹس عمر عطا بندیال 3 رکنی بنچ کا حصہ تھے لیکن اس وقت کسی کو یاد نہیں رہا کہ تاحیات نااہلی ظالمانہ قانون ہے۔

جب میں ایک ٹرک میں پھنس گیا تھا

کاشف فاروق

میں ریناله خورد گاوں کے ایک متوسط طبقے کے لوگوں کے رہائشی علاقے میں رہتا ہوں۔ میں آپ کو اپنی آپ بیتی تیئیس سال بعد سنانے جارہا ہوں جب میں چھوٹا تھا۔ ایک دن میری ماں نے مجھے گھر کے سامان کے بارے میں جو میرے ماموں دبئی سے لائے تھے معلومات لینے کے لیے بھیجا۔ میں ویگن میں بیٹھ کر اپنے ماموں کے پاس لاہور کوٹ لکھپت انکے گھر پہنچا۔ وہاں سے گھر کے سامان کے بارے میں دریافت کیا۔ میرے ماموں کوٹ لکھپت کی ایک مل میں کام کرتے ہیں۔ سامان کے بارے میں پوچھنے کے بعد میں وہیں سے سیدھا اپنی نانی کے گھر چلا گیا۔ وہ بھی کوٹ لکھپت میں رہتی ہیں۔ نانی مجھ سے مل کر بہت خوش ہوئیں۔ ایک دن نانی کے گھر رکنے کے بعد میں اپنے گھر ریناله خورد جانے کے لیے باہر نکلا۔ باہر نکل کر میں نے سوچا کہ بس کا کرایہ بچانے کے لیے کسی کار سے لفٹ لینی چاہیے۔ چونکہ سفر بس والوں کے حساب سے بہت لمبا تھا اسی لیے میں نے ایک کار سے لفٹ مانگی۔ ڈرائیور نے مجھے پچھ دیکھ کر گاڑی میں بٹھالیا۔ ہم کوٹ لکھپت سے ملتان روڈ مسلم ٹاؤن کے علاقے سے وحدت روڈ کے ذریعے پہنچے اور اپنی منزل کی جانب روانہ ہوگئے۔ ملتان روڈ پر چوکی کراس کرنے کے بعد بدقسمتی سے ہماری گاڑی سامنے سے موڑ کاٹ کر آنے والے ایک بڑے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ گاڑی کا شیشہ ٹوٹ گیا۔ گاڑی کے ڈرائیور کا تو کچھ پتا نہ چل سکا کہ وہ زندہ بچا یا نہیں۔ ٹرک چونکہ گاڑی سے بڑا ہوتا ہے اسی لیے اس کا پورا بانٹ انجن سمیت کار میں گھس گیا اور میں ایک زوردار جھٹکے سے اچھل کر ٹرک کے انجن میں چلا گیا۔ گاڑی ٹرک کے بونٹ میں بری طرح پیوست ہوگئی۔ اس وقت ملتان روڈ یک طرفہ ہوا کرتی تھی۔ ٹرک ڈرائیور موقع سے ٹرک سمیت فرار ہوگیا۔ گاڑی تو وہیں رہ گئی لیکن میں انجن سے باہر نہ نکل سکا۔ اب پتا نہیں ٹرک کس سمت میں جارہا تھا اور مجھے کس سمت جانے تھا، کچھ ہوش نہیں رہا۔ میں نے سوچا شاید ٹرک ڈرائیور نے اسکا رخ تبدیل کرلیا ہے تاکہ بھاگ سکے۔ یاد رہے کہ اس زمانے میں لاہور کی آبادی برائے نام ہی تھی۔ ہر طرف سنسان ہی سنسان رہتا تھا۔ اس وقت کوٹ لکھپت بھی ایک گاوں کی طرح تھا۔

یہ جون کا مہینہ تھا۔ شدید گرمی کے دن تھے۔ جتنی گرمی باہر تھی اس سے کہیں زیادہ گرمی ٹرک کے انجن میں تھی۔ میری ناک اور کانوں سے خون بہنے لگا۔ تھوڑی دیر میں میرے کپڑوں میں ناک وکانوں سے نکلا خون بھرنے لگا۔ ٹرک کا ڈرائیور مسلسل ٹرک انتہائی سست رفتاری سے چلا رہا تھا کیونکہ ٹرکوں کی رفتار اس سے زیادہ نہیں ہوتی۔ وہ لاہور کی سمت جارہا تھا۔ لیکن مجھے تو اپنے گاوں ریناله خورد پہنچنے تھا۔ مجھے کچھ کچھ ہوش آنے لگا۔ میں ریناله خورد کے ایک بڑے زمیندار کے غریب مزارع کا بیٹا تھا۔ میری ناک وکانوں سے مسلسل خون بہہ رہا تھا۔ میری آنکھوں سے آنسو آنے شروع ہوگئے تھے۔ مجھے میرے ماں باپ یاد آنے لگے۔

ریکوڈیک روشن مستقبل

روہیل اکبر

بلوچستان حکومت اور بیرک گولڈ کارپوریشن کے درمیان 8 ارب ڈالر کا ریکوڈک منصوبے کا تاریخی معاہدہ طے پا گیا جس پر وفاقی کے نمائندے نے بھی دستخط کردیئے یہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بیرونی سرمایہ کاری کا معاہدہ ہے جس کی مجموعی لاگت 8 ارب ڈالر ہے اس معاہدہ پر دستخط کے بعد پاکستان پر بین القوامی عدالت کی جانب سے عائد 6.5 ارب ڈالر کا جرمانہ بھی غیر موثر ہوگیا، معاہدہ 16 دسمبر 2022 سے نافذ العمل ہوگا اور معاہدے کے تحت کمپنی کام کا فوری آغاز کرے گی اس معاہدے پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے نمائندے حکومت پاکستان کی جانب سے وفاقی نمائندے اور بلوچستان حکومت کے نمائندے نے دستخط کیے ہیں ریکوڈیک مائن سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد ایک بند مائننگ آپریشن ہے جو پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے ضلع چاغی کے ریکوڈک قصبے کے قریب واقع ہے ریکوڈک دنیا میں تانبے اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک ہے جس کے تخمینہ کے مطابق یہاں 5.9 بلین ٹن خام دھات کے ذخائر ہیں جن میں 0.41 فیصد تانبے اور سونے کے ذخائر 41.5 ملین اونس ہیں ریکوڈک کا علاقہ ٹیتھیان میگابیلٹ آرک کا حصہ ہے جو وسطی اور جنوب مشرقی یورپ (ہنگری، رومانیہ، بلغاریہ، یونان) ترکی، ایران اور پاکستان کے ہمالیہ کے علاقے سے ہوتا ہوا میانمار، ملائیشیا، انڈونیشیا اور پاپوانیوگنی تک پھیلا ہوا ہے اس میں مختلف درجات کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر موجود ہیں بیلٹ کے مشرقی اور وسطی حصے عالمی معیار کی معدنیات کی فراوانی کے لیے مشہور ہیں جیسے کہ گراسبرگ، انڈونیشیا میں باتو جاؤ، پاپوانیوگنی میں اوکے ٹیڈی اور ایران میں سر چشمہ جبکہ مشرقی یورپ میں یہ عالمی معیار کے پورفیری/ایپیتھرمل کلسٹر کی میزبانی کرتا ہے سربیا میں مجڈانپیک اور حالیہ پیش رفتوں میں اسکوریز اور اولمپیا یونان، اور ترکی میں چانلر شامل ہیں ریکوڈک کا علاقہ پہاڑوں کے چاغی آتش فشاں سلسلہ میں بہت سے کٹے ہوئے بقیہ آتش فشاں مراکز میں سے ایک ہے جو کوئٹہ تفتان ریلوے لائن اور افغانستان کے ساتھ سرحد کے درمیان بلوچستان کے اس پار مشرق ومغربی لائن میں گزرتا ہے پہلے حکومت پاکستان نے یہ معاہدہ 25 فیصد پر Tethyan Copper Company Limited ('Tethyan'') نے حاصل کیا تھا ٹیتھیان گروپ جنوب مغربی پاکستان میں صوبہ بلوچستان کے ضلع چاغی کی پہاڑیوں میں ریکوڈک تانبے سونے کے ذخائر کو تیار کرنے کا کام شروع کرنے ہی والا تھا کہ معاملہ عدالت چلا گیا اس وقت ریکوڈک میں معدنی وسائل کا تخمینہ 5.9 بلین ٹن ہے جس کا اوسط کاپر گریڈ 0.41% اور اوسطاً گولڈ گریڈ 0.22 گرام فی ٹن ہے۔ گروپ کا اس وسیلہ کا 37.5 فیصد حصہ 2.2 بلین ٹن بنتا تھا ٹیتھیان نے منصوبے کے حوالے سے فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کی اور اگست 2010 میں اسے حکومت بلوچستان کو جمع کروادی 15 فروری 2011 کو ٹیتھیان نے بلوچستان کے معدنی قوانین کے مطابق مائننگ لیز کے لیے حکومت بلوچستان کو ایک درخواست جمع کرائی 15 نومبر 2011 کو حکومت بلوچستان کی طرف سے ٹیتھیان کو مطلع کیا گیا کہ حکومت نے کان کنی کی لیز کے لیے اس کی درخواست مسترد کردی ہے ٹیتھیان نے اپنے قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی ثالثی کے لیے درخواست دیدی اور ٹیتھیان ثالثی کی کارروائی میں کامیاب ہوگیا آئی سی ایس آئی ڈی ٹریبونل نے پاکستان اور ٹی سی سی کے درمیان تنازعہ اس وقت اٹھایا تھا جب مؤخر الذکر نے 8.5 بلین ڈالر کا دعویٰ کیا تھا جب بلوچستان کی مائننگ اتھارٹی نے 2011 میں صوبے میں کئی ملین ڈالر کی مائننگ لیز کے لیے اس کی درخواست مسترد کردی تھی ٹیتھیان کی ویب سائٹ پر دستیاب تفصیلات کے مطابق ریکوڈک مائننگ پراجیکٹ تقریباً 3.3 بلین ڈالر کی لاگت سے عالمی معیار کے تانبے اور سونے کی اوپن پٹ مائن بنانا اور چلانا تھا اور بلوچستان حکومت کے ساتھ اس کے 1998 کے معاہدے نے اسے کان کنی کے لیز کا حق بھی دیا اور پھر درخواست مسترد ہونے کے بعد یہ منصوبہ نومبر 2011 میں رک گیا جبکہ پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے کان کنی کی لیز اس لیے ختم کی گئی تھی کہ اسے غیر شفاف طریقے سے سرانجام دیا گیا تب تک کمپنی ریکوڈک میں 220$ ملین کی سرمایہ کاری کرچکی تھی آسٹریلوی کان کنی کمپنی نے 2012 میں عالمی بینک کے ثالثی ٹریبونل سے مدد طلب کی اور اس نے 2017 میں پاکستان کے خلاف فیصلہ سنایا ٹریبونل نے منسوخ شدہ لیز کے نقصانات کا حساب لگانے کے لیے ایک فارمولہ استعمال کرنے کا انتخاب کیا۔

مختارِ عاقل ایسا نہ کریں

سلمان احمد قریشی

ساہیوال سے خبر ہے کہ اپنا تعارف بطور صحافی کروانے پر اسی ساہیوال برہم ہوگئے اور صحافی کو بلیک میلر کہہ کر جھاڑ دیا۔ اخبار کے مطابق واقعہ پر صحافی سراپا احتجاج ہیں۔ صحافیوں کا موقف ہے کہ انتظامیہ کا رویہ افسوسناک ہے۔ ایسا ہی ایک ناخوشگوار واقعہ اوکاڑہ میں بھی پیش آیا جب ملزم کی فوٹیج بنانے پر وکلاء نے صحافی سے موبائل چھین لیا۔ صحافت کو بلیک میلنگ قرار دیتے ہوئے صحافت پر چار چار حرف بھیجتے رہے۔ ایک فرشتہ صفت انسان نے معاملہ خوش اسلوبی سے حل کروایا۔ صحافی کی عزت بھی محفوظ رہی اور وکلاء کا وقار بھی قائم رہا۔ اس واقعہ میں چند وکلا کا رویہ قابلِ افسوس ہے جو قانون کی بات کرنے کی بجائے خبر رکوانے کے خواہش مند ہیں۔ صحافی کے کیا فرائض ہیں کیا اب یہ وکلاء سمجھائیں گے۔۔؟ اور وہ بھی غیر اخلاقی، غیر شائستہ انداز میں، یہ طاقت کا ضمم ہے یا عدم برداشت کا رویہ۔۔؟ یہ معاملہ غور طلب ہے۔ اوکاڑہ ہی سے تعلق رکھنے والے نجی چینل کے ایک اور رپورٹر نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ سچ کیلئے اپنی صحافتی ذمہ داریاں نبھائیں اور نبھا رہا ہوں اور انشاء اللہ نبھاتا رہونگا اسکی سزا مجھے یہ دی جارہی ہے کہ ڈی پی او اوکاڑہ ضلع بھر کے تمام تھانوں کے ایس ایچ او زکو اسکے خلاف جھوٹے، خود ساختہ مدعی بنا کر درخواستیں دلوا رہے ہیں تاکہ وہ اپنی صحافتی زمہ داریوں سے پیچھے ہٹ جائے ضلع اوکاڑہ کے تمام ایس ایچ او اور دیگر پولیس ملازمین کی جانب سے اسے تھریٹ کرنے کیلئے ہراساں کرنے کیلئے یہ ہتھکنڈے استعمال کئے جارہے ہیں جن سے صحافی کبھی بھی نہیں گھبراتا چاہے اسکی جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔

بہادر خاتون صحافی صدف نعیم فرائض کی ادائیگی میں کنٹینر کے نیچے آکر ہلاک ہوگئیں۔ ارشد شریف کے ساتھ کیا ہوا۔۔؟ صحافی بم سے ہلاک ہوئے گولیاں ماری گئیں۔ روز دھمکیوں اور تشدد کا شکار بن رہے ہیں۔ کوئی تحفظ نہیں، شنوائی نہیں سرکار کی گرانٹ نہیں، عہدہ نہیں تنخواہ نہیں، یونیفارم کا رعب نہیں۔ تنظیم کے پلیٹ فارم سے ہڑتال کا اختیار نہیں۔ کسی پر تشدد میں ملوث نہیں۔ آئے روز ہڑتال کے نام پر سائل کو رسوا نہیں کرتے۔ میٹنگ کی آڑ اور اختیار کے نشہ میں کسی کو دھتکارتے نہیں۔ صرف ایک عزم ہے اور کام کی لگن ہے ایک صحافی معاشرے کا ہیرو ہے۔ صحافی کا سفر بہت کٹھن ہے۔ ناگہانی آفات و حادثات، ٹارگٹ کلنگ صحافی کی قسمت، دھونس دھمکی، گالی گلوچ لیکن صحافی نے اپنا کردار ادا کرنا ہے سو وہ کرتا رہے گا۔ صحافی ولن نہیں ہیرو ہے۔ کیوں نہ ہو موروثی و اتفاقیہ دولت، خاندان، عزت شہرت حادثاتی وقار ان سب سے الگ کردار ہے۔ صحافی سرکاری عہدے یا ڈگری لے کر کوٹ پہن کر خود کو یونین سے زور آور نہیں سمجھتا۔ صحافی صرف خطروں سے گزر کر مشکلات سے لڑ کر ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ جہدِ مسلسل صحافی کی زندگی، محنت کی کمائی صحافی کی شان، حقائق کی دنیا، کشمکش سے بھرپور، دھڑکتا خون، مہکتا پسینہ، لذتِ درد سے آشنا، معاشرے کا عکاس ایک صحافی انا پرستوں کے لیے قابلِ قبول نہیں۔ خاص طور پر جب بااثر با اختیار ادارہ یا فرد اپنی ضرورت کے تحت کام کررہا ہو، خود کو قانون یا ضابطہ کو مدِنظر رکھنا ضروری نہ سمجھتا ہو تو صحافی کے ساتھ رویہ شائستہ کیسے ہوسکتا ہے؟ جب کوئی اپنی زبان کو قانون سمجھے تو مختارِ عاقل صحافت کی تضحیک ہی کریں گے۔

راقم الحروف ان سطور میں کسی کے غلط یا صحیح ہونے پر حتمی رائے پیش نہیں کررہا۔ معاملہ صرف اتنا ہے ان واقعات کا تسلسل اور ایسے الزامات یکسر نظر انداز بھی نہیں کئے جاسکتے ہم تو یہی گزارش کریں گے مختارِ عاقل و اختیار صرف صحافیوں کو قصور وار نہ گردانیں۔ صحافی ہی ظلم کی خبر دیتا ہے کسی مظلوم کی داد رسی کی فیس نہیں لیتا۔ عام آدمی کی آواز ہے معاوضہ نہیں لیتا۔ تاریخ لیکر نہیں دیتا، اپنے خون سے تاریخ لکھتا ہے۔ ایک سرکاری افسر یا وکیل غلط کرتا ہے تو کیا صحافی پورے شعبہ کے خلاف لکھتا ہے کیا سب کو ایک ہی صف میں لا کھڑا کرتا ہے۔ نہیں ایسا نہیں، تو آپکو کس نے حق دے دیا کہ آپ صحافت پر الزام لگائیں، صحافی کو بلیک میلر کہیں۔ کسی ایک سے شکایت ہے تو اس پر قانونی راستہ اپنائیں۔ شعبہ صحافت کو بدنام کرنے یا غلط کہنے کی آپ کو کس نے اجازت دے دی۔ اگر آپکو اجازت کی ضرورت نہیں تو یاد رکھیں آپ سے طاقت ور بھی اسی معاشرہ میں موجود ہیں جب آپ کسی کے زیرِ عتاب آئیں گے پھر آزادیٔ صحافت کی اہمیت کو سمجھیں گے۔ تب شاید یہ ریت آپ ہی کو شرمندہ کرے گی۔ مظلوم کی آخری امید صحافت ہی ہے جہاں عہدے اور فیس نہیں دیکھی جاتی صرف خبر کی سچائی کے ساتھ صحافی کھڑا ہوتا ہے۔

قارئین کرام! پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 19 میں بھی معلومات تک رسائی کو ہر شہری کا قانونی حق قرار دیا ہے لیکن اس کے باوجود آزادیٔ اظہار ایک خواب ہی دکھائی دیتا ہے اور عوام تک خبر پہنچانے کی پاداش میں اب تک سینکڑوں صحافی جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ پاکستان پریس فاؤنڈیشن کے ریکارڈ کے مطابق عالمی درجہ بندی میں پاکستان اس وقت آزادیٔ صحافت کی فہرست میں 142 ویں نمبر پر موجود ہے روزانہ کی بنیاد پر ملک بھر سے صحافیوں پر تشدد یا انہیں ہراساں کیے جانے کی خبریں آنا اب معمول کی بات ہوگئی ہے۔ کچھ گروہ اور طاقت ور شخصیات صحافت پر حاوی ہونے کی خواہش لئے صحافتی اقدار اور اصول کو پسِ پشت ڈال کر من مانی خبروں کا مطالبہ کرتے ہیں ہم بہتر جانتے ہیں کہ صحافیوں کو پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران غیر ریاستی عناصر اور ریاستی اداروں کی جانب سے کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صحافیوں کا کام شہریوں کو باخبر رکھنا ہے تاکہ وہ اپنی نجی و سماجی زندگی میں بہتر فیصلے کرسکیں۔ کمیٹی ٹو پروٹیکٹ جرنلسٹ کے مطابق پاکستان ان 14 ممالک کی فہرست میں 9 ویں نمبر پر ہے جہاں صحافیوں کے قاتل نہیں ملتے، اگر مل بھی جائیں تو وہ بچ نکلتے ہیں۔ اکثر مختلف تنظیمیں اپنے خلاف خبر منظر عام پر آنے کے فوراً بعد طیش میں آجاتی ہیں ان کے کارکنان کی جانب سے بات گالم گلوچ سے شروع ہو کر تشدد تک پہنچ جاتی ہے۔ یاد رکھیں آزاد معاشرے ہی ترقی کرتے ہیں عدم برداشت اور خواہشات کی تکمیل سے معاملات آگے نہیں بڑھا کرتے۔ صحافت کی آواز خاموش ہوئی تو پھر اندھیرے ہی اندھیرے ہیں۔ صحافی کا قلم رک گیا یا کیمروں کو بند کروانے کا چلن قائم رہا تو پھر اندھیرے بڑھیں گے۔ ہمیں روشنی کی طرف سفر کرنا ہے آگے بڑھنا ہے۔ روشنی سے ہی تمام کردار عیاں ہوں گے، صحافی ہو یا سرکاری افسران، وکیل ہو یا ڈاکٹر سب کے کردار کھل کر سامنے آئیں گے۔ بلیک میلر کون ہے اور خود کو مختارِ کُل، مختارِ عاقل کون سمجھتا ہے یہ عدم تشدد اور خوف کو ختم کرنے سے ہی واضح ہوسکتا ہے۔ صحافی کو جینے دو اور سچ اور جھوٹ کا فیصلہ عوام کو کرنے دو۔ ہم سب ایک معاشرہ کا حصہ ہیں تو معاشرے کی جھلک تو ہر شعبہ میں نظر آئے گی۔ کسی ایک شعبہ کو ٹارگٹ کرنا دانشمندی نہیں۔ مختارِ کُل اور مختارِ عاقل کسی ایک شعبہ میں اکٹھے نہیں ہوتے اس لئے خود کو ایسا سمجھنا اور صحافی کو غلط کہنا چھوڑ دیں۔ خود کو بہترین اور صحافی کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرنے والے یاد رکھیں۔ صحافی کی طاقت قلم ہے اور قلم کی تو رب تعالیٰ نے بھی قسم کھائی ہے۔ جو صحافت کو سمجھتے نہیں وہ اسے اپنے تابع رکھنا چاہتے ہیں۔ خود احتسابی ہی سب سے بہترین رویہ ہے۔ خود کو مختارِ عاقل سمجھنے والے اپنی اصلاحِ احوال پر توجہ دیں اسی میں سب کی بھلائی ہے۔ اگر صحافیوں کی طرف سے عائد کردہ الزامات غلط ہیں تو انکے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جاسکتی ہے یہ خوف کی فضا اور تحفیک کا ماحول کیوں۔۔؟ یہی غور طلب ہے اور اس صورتحال کو تبدیل کرنا ضروری ہے۔

خوف خدا اسی کو کہتے ہیں کہ انسان کو انسان سے ڈر نہ لگے۔ انسان انسان کیشر سے، ہاتھ، پاؤں اور زبان سے محفوظ رہے۔

بہادر خاتون صحافی صدف نعیم فرائض کی ادائیگی میں کنٹینر کے نیچے آکر ہلاک ہوگئیں۔ ارشد شریف کے ساتھ کیا ہوا۔۔؟ صحافی بم سے ہلاک ہوئے گولیاں ماری گئیں۔ روز دھمکیوں اور تشدد کا شکار بن رہے ہیں۔ کوئی تحفظ نہیں، شنوائی نہیں سرکار کی گرانٹ نہیں، عہدہ نہیں تنخواہ نہیں، یونیفارم کا رعب نہیں۔ تنظیم کے پلیٹ فارم سے ہڑتال کا اختیار نہیں۔ کسی پر تشدد میں ملوث نہیں۔ آئے روز ہڑتال کے نام پر سائل کو رسوا نہیں کرتے۔ میٹنگ کی آڑ اور اختیار کے نشہ میں کسی کو دھتکارتے نہیں۔ صرف ایک عزم ہے اور کام کی لگن ہے ایک صحافی معاشرے کا ہیرو ہے۔ صحافی کا سفر بہت کٹھن ہے۔ ناگہانی آفات و حادثات، ٹارگٹ کلنگ صحافی کی قسمت، دھونس دھمکی، گالی گلوچ لیکن صحافی نے اپنا کردار ادا کرنا ہے سو وہ کرتا رہے گا۔ صحافی ولن نہیں ہیرو ہے۔ کیوں نہ ہو موروثی و اتفاقیہ دولت، خاندان، عزت شہرت حادثاتی وقار ان سب سے الگ کردار ہے۔ صحافی سرکاری عہدے یا ڈگری لے کر کوٹ پہن کر خود کو یونین سے زور آور نہیں سمجھتا۔ صحافی صرف خطروں سے گزر کر مشکلات سے لڑ کر ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ جہدِ مسلسل صحافی کی زندگی، محنت کی کمائی صحافی کی شان، حقائق کی دنیا، کشمکش سے بھرپور، دھڑکتا خون، مہکتا پسینہ، لذتِ درد سے آشنا، معاشرے کا عکاس ایک صحافی انا پرستوں کے لیے قابلِ قبول نہیں۔

فیفا ورلڈکپ؛ فرانس نے ریکارڈ بُک کو الٹ پلٹ کر رکھ دیا

لگاتار دوسرے فائنل میں رسائی پانے والی دنیا کی چھٹی ٹیم بن گئی

دوحا (یو این پی) فرانس نے بھی فٹبال ریکارڈ بک کو الٹ پلٹ دیا، لگاتار دوسرے فائنل میں رسائی پانے والی دنیا کی چھٹی ٹیم بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق فرانس نے ورلڈکپ سیمی فائنل میں مراکش کو شکست دے کر فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا، اس طرح وہ لگاتار دوسرے فیصلہ کن معرکے میں پہنچنے والی دنیا کی چھٹی ٹیم بن گئی۔ اس اعزاز میں ٹیم نے اٹلی، برازیل، ویسٹ جرمنی، ارجنٹائن اور نیدرلینڈز کو جوائن کرلیا سب سے پہلے اٹلی کو 1934 اور پھر 1938 میں لگاتار 2 فائنلز کھیلنے کا اعزاز حاصل ہوا تھا، برازیل 1958 اور 1962 کا فائنل کھیل کر دوسری ٹیم بنی تھی، نیدرلینڈز نے 1974 اور 1978 کے فائنلز میں جگہ بنائی تھی، ویسٹ جرمنی نے 1982، 1986 اور 1990 کا فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا تھا، ارجنٹائن نے پہلے 1986 اور 1990 اس کے بعد 1994، 1998 اور 2002 میں فائنل کھیلا، اس کے بعد برازیل نے دوبارہ فہرست میں جگہ بنائی۔ مجموعی طور پر ایسے 7 مواقعوں میں سے صرف 2 ٹیمیں ہی لگاتار دو مرتبہ ٹائٹل جیتنے میں کامیاب رہیں، ان میں اٹلی (1934 اور 1938) اور برازیل (1958 اور 1962) شامل ہیں۔ نیدرلینڈز اور ویسٹ جرمنی لگاتار 2 فائنلز کھیلنے کے باوجود ٹائٹل سے محروم رہے، ویسٹ جرمنی نے 1990 میں لگاتار تیسرا فائنل کھیلنے کا اعزاز پانے کے بعد فتح بھی حاصل کی تھی، اس کے ساتھ وہ لگاتار 3 فائنلز کھیلنے والی دنیا کی پہلی ٹیم بھی بنی۔ اتوار کو فرانس گزشتہ 7 ورلڈکپ ایڈیشنز کا چوتھا فائنل کھیلے گا، پہلی بار ٹیم جبکہ قریب میں موجود دیگر افراد ان کو سہارا دیئے ہوئے تھے۔ ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل میں فرانس نے مراکش کو 0-2 سے شکست دیکر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے تاہم میچ میں شکست دینے کے بعد فرانسیسی کھلاڑیوں اور سپورٹ اسٹاف نے مراکشی پلیئرز اور انتظامیہ کی تعریف کرتے ہوئے انہیں تسلی دی۔ واضح رہے کہ ارجنٹینا اور فرانس کے درمیان فیفا ورلڈکپ کا فائنل 18 دسمبر کو لوسیل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

کک پر گیند شائق کے منہ پر جا لگی، ایمباپے نے معافی مانگ لی

ورلڈکپ کا فائنل 18 دسمبر کو لوسیل اسٹیڈیم میں فرانس اور ارجنٹائن کے درمیان کھیلا جائیگا

دوحا (یو این پی) قطر میں جاری فیفا ورلڈکپ میں مراکش کے خلاف میچ سے قبل وارم اپ ہونے کے دوران کیلین ایمباپے کی زوردار کک پر گیند فرنچ شائق کے منہ پر جا لگی، جس سے وہ زخمی ہوگئے۔ فرنچ اسٹرائیکر ایمباپے فوراً رکاوٹ عبور کرتے ہوئے اسٹینڈ میں مذکورہ شائق کے پاس پہنچے اور خیریت دریافت کرنے کے ساتھ معذرت بھی کی۔ شائق نے اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں سے تھاما ہوا تھا

پی ایس ایل 8' حفیظ، کامران اور احمد شہزاد کو کسی فرنچائز نے ٹیم کا حصہ نہ بنایا

پی ایس ایل 8 کے پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب کراچی میں منعقد ہوئی



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے آٹھویں ایڈیشن کیلئے قومی ٹیم کے سابق کپتان محمد حفیظ، کامران اور احمد شہزاد کو کسی فرنچائز نے ٹیم کا حصہ نہ بنایا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل میں ٹیموں کی تشکیل کا عمل مکمل ہو گیا۔ پی ایس ایل 8 کے پلیئرز ڈرافٹ کی تقریب کراچی میں منعقد ہوئی جس میں فرنچائز کے مالکان، چیئرمین پی سی بی اور کرکٹرز نے شرکت کی۔ پشاور زلمی نے 17 جبکہ دیگر ٹیموں نے 18، 18 پلیئرز پر مشتمل سکواڈ مکمل کرلیا، پشاور زلمی ایک پلیئر کا اعلان ب

بقیہ 1

ان خان اس لیے قبل از وقت انتخابات چاہتے ہیں تاکہ دھاندلی میں مدد مل سکے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ادارے متنازع سے آئینی کردار کی طرف آچکے ہیں تاہم کچھ سیاستدان ہیں جو نفرت پھیلا رہے ہیں اور سیاسی اختلاف کو دشمنی کا رنگ دے رہے ہیں۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خطے میں امن و استحکام کیلئے پاکستان کا کردار کلیدی رہا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ چاہتے ہیں افغانستان میں امن و استحکام ہو، خطے کا امن افغانستان میں امن سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہوا، رواں سال ریکارڈ بارشیں پاکستان میں سیلاب کا باعث بنیں اور سیلاب سے پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہوا۔

بقیہ 2

نہ ہوں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر انہوں نے کہا کہ عوام کو حقوق سے محروم رکھنے کیلئے مافیا کا ساتھ دینا ملکی مفاد میں نہیں، قوم ایسے کرداروں اور سہولت کاروں کو معاف نہیں کرے گی۔ پی ڈی ایم کی لیڈرشپ کے چہرے عوام کے ولن ہیں، ادارے عوام مخالف قوتوں کے ساتھ کھڑے نہ ہوں، عوام کو حقوق سے محروم رکھنے کیلئے مافیا کا ساتھ دینا ملک کے مفاد میں نہیں قوم ایسے کردار اور سہولت کاروں کو معاف نہیں کرے گی آئین کا احترام کریں اور عوام کو حکومت چننے کا حق دیا جائے۔ فواد چودھری نے کہا کہ آئین کا احترام کریں اور عوام کو حکومت چننے کا حق دیا جائے، عوام کو حقوق سے محروم رکھنے کیلئے مافیا کا ساتھ دینا ملکی مفاد میں نہیں ہے۔

بقیہ 3

میں شیخ رشید احمد نے لکھا کہ اسمبلیاں چھوڑنا حق ہے، بلاول کا نیویارک میں بیان ملک میں نئی جنگ کا آغاز ہوگا، بلاول غیر ملکی خواہشوں پر عمل درآمد کا عندیہ دے رہے ہیں۔ سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ نے مزید کہا کہ سٹاک مارکیٹ میں مندی، ڈالر مہنگائی، مہنگائی 20 فیصد سے زائد ہوچکی، آئل بل اور دوائیوں کے پیسے نہیں کیسے چلے گا پاکستان؟۔ یاد رہے کہ واشنگٹن میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا تھا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی عمران خان کی پالیسیوں کی وجہ سے پھیلی، پی ٹی آئی حکومت نے کے پی پر توجہ دی ہوتی تو آج یہ حالات نہ ہوتے، کوئی سیاسی جماعت اور ادارہ عمران خان کی بلیک میلنگ میں نہیں آئے گا۔

بقیہ 4

بجلی سے سرکاری اداروں کے بجلی کے بلوں میں خاطر خواہ کمی ہوگی۔ جمعرات کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں شمسی توانائی کے فروغ کے حوالے سے ایک اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیر اعظم نے اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شمسی توانائی صاف اور سستی بجلی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ معیشت کی بہتری اور ایندھن کی مد میں امپورٹ بل میں کمی کے لیے شمسیتو انائی کا فروغ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی سطح پر بھی شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دینے کے حوالے سے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ وفاقی کابینہ ملک بھر میں مہنگے ایندھن کی جگہ شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے کے حوالے سے فریم ورک منظور کر چکی ہے، بریفنگ میں بتایا گیا کہ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی اس مہینے کے اختتام تک شمسی توانائی کے بڑے پراجیکٹس کے ٹیرف کا تعین کر لیگی جس کے بعد آلٹرنیٹ انرجی ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے سرمایہ کاروں سے بڈز طلب کی جائیں گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے کے حوالے سے تین منصوبے زیر غور ہیں جن میں 1200 میگاواٹ کا منصوبہ لیہ میں جبکہ 600 میگاواٹ کے منصوبے مظفر گڑھ اور تریموں میں لگائے جائینگے۔

بقیہ 5

تفصیلات کے مطابق قلعہ داؤد کا رہائشی 16 سالہ محمد حسنین گھر سے اکیڈمی پڑھنے گیا لیکن گھر واپس نہیں پہنچا، لاپتہ طالب علم کے بھائی شہباز احمد نے شک ظاہر کیا ہے کہ اسکے بھائی کو نامعلوم افراد نے اغواء کرلیا ہے تھانہ مانگا منڈی پولیس نے مدعی کی درخواست پر مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ 6

کے تحت ایچ وی ڈی سی کنورٹر سٹیشن پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ 35 ارب روپے کی لاگت سے شروع ہونیوالا یہ منصوبہ اگلے سال جون کے مہینے میں مکمل کیا جائے گا پاکستان، افغانستان، تاجکستان اور کرغستان کی جانب سے اس مشترکہ منصوبے کے تحت 1270 کلومیٹر لائن کے ذریعے افغانستان کے راستے تاجکستان کرغستان کے ہائیڈل پاور سے 1300 میگاواٹ بجلی درآمد ہوگی جب کہ موسم سرما میں اسی لائن کے ذریعے پاکستان سے بجلی تاجکستان کرغستان برآمد کی جاسکے گی۔ وفاقی وزیر نے اپنے دورے کے موقع پر 500 کے وی ایچ وی اے سی گرڈ سٹیشن نوشہرہ کا سنگ بنیاد بھی رکھ دیا ورلڈ بینک کے تعاون سے شروع ہونیوالے اس منصوبے کل لاگت 4.3 بلین روپے ہے

بقیہ 7

کو کسی طرح روکا جائے، کھیروں کی منڈی لگا کر جو مل کیا گیا اس سے پاکستان کی جڑیں کمزور ہورہی ہیں۔ اسد عمر نے کہا کہ گورنر پنجاب کا خط دیکھ کر سمجھ نہیں آتی بندہ ہنسے یا روئے، موجودہ حکومت جمہوریت کے بنیادی اصول پامال کرنے پر تلی ہے، یہ پاکستان کے عوام اور عمران خان سے خوفزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جمہوریت کے بنیادی اصولوں کو پامال کرنا چاہتے ہیں، الیکشن سے ایک ہفتے پہلے ان کو خیال آیا کہ اسلام آباد کی آبادی بڑھ گئی ہے، پہلے یہ الیکشن سے بھاگنا چاہتے تھے، جون کے ماہ میں ترمیم کی اور یونین کونسل کی تعداد بدل دی۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ یہ سیاسی میدان اور عدالتوں میں ناکام ہوگئے، پہلے انہوں نے کوشش کی کہ عمران خان کو قانونی طریقے سے گرایا جائے، توشہ خانہ کے کیس میں کھودا پہاڑ نکلا چوہا، فیصلہ امپورٹڈ حکومت کے خلاف ہی آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاملات عدلیہ کی طرف جارہے ہیں، ان کے تمام حربے ناکام ہوچکے ہیں، انہوں نے عمران خان کے خلاف جعلی آڈیو چلانی شروع کردیں، عمران خان کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ سابق وفاقی وزیر نے ملکی معیشت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک یہ صورتحال ہے کہ ملک میں ڈالر کی کمی اس خطرناک حد تک پہنچ چکی ہے کہ باہر بیٹھے سفارتکاروں کو تنخواہ دینے کے پیسے نہیں ہیں، ترسیلات زر نیچے آرہی ہیں اور ڈالروں کیلئے ایک بلیک مارکیٹ کھل گئی ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ 15 لاکھ لوگ ٹیکسٹائل کی صنعت میں بیروزگار ہوگئے ہیں، جہاں یہ معیشت کو لے کر آگئے ہیں وہ ایک اور ہی کہانی ہے۔

بقیہ 8

، وفد میں وزیر مملکت مصدق ملک، وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس عبدالواسع شامل ہیں۔ اس موقع پر خواجہ آصف نے کہا کہ ملک میں سورج کی روشنی سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے تو توانائی کی بچت ہوسکتی ہے، توانائی کا تحفظ موجودہ معاشی حالات کی بہتری کیلئے بہت ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ شادی ہال، مارکیٹس کی تنظیموں سے بات کرنے کی ضرورت ہے، ریسٹورنٹس کو رات 10 بجے بند کرنے کی تجویز ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ یہ ہمارا ملک ہے اسے معاشی بحران سے نکالنے کیلئے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ وزیر مملکت مصدق ملک نے کہا کہ ہمیں پیٹرول درآمد کا بل کم کرنا ہے جو روز بروز بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 9

عمران خان کے غیر آئینی اور غیر قانونی فیصلے کے خلاف مزاحمت کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اعتماد کا ووٹ نہ لینے کے بعد پرویز الٰہی آئینی و قانونی طور پر وزیر اعلیٰ نہیں رہے اس لئے ان کا اقتدار پر مزید قابض رہنا غیر آئینی اور غیر قانونی ہے۔ عمران خان پہلے اے ٹی ایمز کے ذریعے اپنے گھر کے خرچے پورے کر رہے تھے جن کے چھوڑ جانے کے بعد پنجاب اور خیبر پختونخوا حکومتوں کے وسائل کا بے دریغ استعمال کیا گیا

- زمان پارک کے باہر ہزاروں کی تعداد میں پولیس اہلکار عوام کی بجائے صرف ایک شخص کی سکیورٹی کے لئے تعینات ہیں۔ اپنی ہر تقریر میں ریاست مدینہ کا لیکچر دینے والا اس پر کوئی جواب دے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی اور ان کے صاحبزادے مونس الٰہی کو پتہ ہے ان کی حکومت نے مزید نہیں رہنا اس لئے لوٹ مار کرنے کیلئے اوور ٹائم لگایا جارہا ہے۔

بقیہ 10

اعشاریہ 43 فیصد رہی، ملک بھر میں کورونا وائرس 24 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں لاہور میں کورونا کے 812 ٹیسٹ کیے گئے، لاہور میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے 2 مریض رپورٹ ہوئے، لاہور میں کورونا وائرس کی شرح 2 اعشاریہ 25 فیصد رہی۔ این آئی ایچ کے مطابق اسلام آباد میں 24 گھنٹوں کے کورونا کے 444 ٹیسٹ کئے گئے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں اسلام آباد میں کورونا کے ایک مریض رپورٹ ہوا، اسلام آباد میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح اعشاریہ 23 فیصد رہی۔ این آئی ایچ کے مطابق پشاور میں کورونا وائرس کی تشخیص کے لیے 498 ٹیسٹ کئے گئے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں پشاور میں کورونا کا 4 کیس رپورٹ ہوئے، پشاور میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح اعشاریہ 80 فیصد رہی۔ این آئی ایچ کے مطابق راولپنڈی میں کورونا کے 121 ٹیسٹ کئے گئے، راولپنڈی میں کورونا وائرس کا 1 کیس رپورٹ، مثبت کیسز کی شرح اعشاریہ 83 فیصد رہی۔

بقیہ 11

پہلے ہی 4200 روپے فی من ہوگئی آن لائن کے مطابق شہر بھر میں ڈویژنل کمشنر، محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے فلور ملز مالکان شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کردیا، فلور ملز مالکان نے اپنے سستا آٹے کے سیل پوائنٹس بند کردیئے ہیں ساتھ ہی گلی محلوں میں حکومت کے مقرر کردہ سیل پوائنٹس کا بھی سرکاری آٹے کا کوٹہ کم کردیا جس کی وجہ سے فیصل آباد میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرچکا ہے اور اس طرح اوپن مارکیٹ اور بازاروں سرکاری سستا آٹا غائب ہوگیا ہے یہاں بھی سرکاری سستا آٹا فروخت ہورہا ہے وہاں پر خواتین، بچوں اور بزرگوں کی لمبی قطاریں دیکھ جارہی ہیں دوسری جانب فلور ملز مالکان نے ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے آٹے کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے اس سے اوپن مارکیٹ میں 15 کلو والا آٹا کا تھلہ 1920 روپے جبکہ فی کلو آٹا 130 روپے کا ہوگیا ہے فلور ملز نے پورے سال کی گندم ذخیرہ کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری گوداموں سے اپنا کوٹہ حاصل کررہے ہیں، عوام دونوں ہاتھوں سے لوٹ جا رہا ہی، آٹے ساتھ میدہ، اور دیگر گندم آئیٹمز کی قیمتیں دوگنا کردی گئیں ہیں بتایا گیا ہے کہ گندم کی نئی فصل آنے سے پہلے ہی منافع خوروں اور ذخیراندزوں نے گندم کا ریٹ 2000 روپے فی من کردیا، ڈویژنل کمشنر، ڈسٹرکٹ محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ منافع خوروں اور فلور ملز مالکان کے سامنے بے بس ہیں جبکہ حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں گندم کسانوں سے 1850 روپے فی من کے حساب سے خریدی تھی اور فلور ملز مالکان نے کسانوں سے اس ریٹ پر گندم خریدی تھی اور اس کے ساتھ ضلعی انتظامیہ انطامیہ کیا جانب سے فلور ملز کو روزانہ کی بنیاد پر 200 بوری گندم سرکاری ریٹ پر دی جارہے جبکہ فیصل آباد سمیت پنجاب بھر آٹا چکیوں کا کوٹہ بند کررکھا ہے جس کی وجہ سے چکی مالکان گندم اوپن مارکیٹ سے خریدنے پر مجبور ہیں چکی مالکان کا الزام ہے ایک سازش تحت فلور ملز مالکان کو نواز جارہا ہے محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے سرکاری گندم اوپن مارکیٹ فروخت ہورہی ہے اور منافع خوروں چکی مالکان اور شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں جس کی وجہ سے چکی مالکان آٹا مہنگا فروخت کرنے پر مجبور ہیں، چکی مالکان گذشتہ کئی روز سے احتجاج کررہے سیکرٹری خوراک اور پنجاب حکومت انہیں سرکاری ریٹ پر گندم فراہم نہیں کررہی جس کی وجہ سے آٹے کا بحران پیدا ہورہا ہے۔

بقیہ 12

تھانہ غلام محمد آباد کے علاقہ میں پیش آئے واقع کے مطابق متاثرہ خاتون سونیا کے علاج کے لئے ہمسائے وسیم نے اپنی ساس کو بلایا تھا، ملزمہ شمیم نے غیر مرئی مخلوق نکالنے کے بہانے سونیا کو جلا دیا، سونیا 5 روز سے الائیڈ ہسپتال میں موت وحیات کی کشمکش میں ہے۔ پولیس نے غیر انسانی واقعے کا مقدمہ درج کرلیا، مقدمہ متاثرہ خاتون کے بھائی وسیم شہباز کی مدعیت میں تھانہ غلام محمد آباد میں درج کیا گیا، مقدمے میں شمیم، عالیہ، زرینہ اور وسیم دلاور کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمہ نے پہلے سونیا کو لوہے کی گرم سلاخوں سے جلایا اور پھر علاج کی غرض سے کوئٹے جلا کر سونیا کو آگ میں جھونک دیا، سونیا کی طبعیت بگڑنے پر اسے تشویشناک حالت میں الائیڈ ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کا مزید کہنا ہے کہ ملزمہ شمیم لواحقین کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتی رہی جبکہ سی پی او فیصل آباد نے نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا حکم دے دیا ہے۔

بقیہ 13

گورنر اپنے پاؤں پر کلہاڑی نہ مارے۔ فیاض چوہان نے کہا کہ اگر سپیکر کی رولنگ کے حوالے سے (ن) لیگ، پی ڈی ایم یا گورنر کو کوئی اعتراض ہے تو عدالت جائیں۔ تحریک عدم اعتماد کے اوپر اسپیکر اور حکومت پنجاب عمل درآمد کروانے کو تیار ہے۔ عدم اعتماد کر پر اس کچھ دنوں تک شروع ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد کے بعد دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائیگا۔ تیرہ گیدڑوں کی جماعت کو اپنی اوقات کا پتا چل جائیگا۔

بقیہ 14

کے مقدمات آئین اور عدالت سے مذاق ہیں جن کے خلاف بیان دیا ہے ان کو مقدمات درج کرنے چاہئیں۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کے خلاف اداروں کے خلاف متنازع بیانات پر بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں عزیز اللہ نامی شہری نے مقدمہ درج کرایا تھا اور 20 دسمبر کو انصاف لائرز فورم کی جانب سے مقدمہ ختم کرنے کیلئے بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کے وکیل اقبال شاہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ سینیٹر اعظم سواتی کی طرح شہباز گل کے خلاف کے بھی بلوچستان میں ایف آئی آر درج کی گئی جس کو ختم کرنے کیلئے بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست جمع کرادی گئی ہے۔

بقیہ 15

ہے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے سرد موسم میں معمولات زندگی بری طرح متاثر ہیں۔

بقیہ 16

کی جانب سے جمعرات کو حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی جس پر اسپیشل پراسیکیوٹر راجہ رضوان عباسی نے کہا کہ شہباز گل کی جانب سے بہت ہی غیر سنجیدہ رویہ دکھایا گیا ہے۔ اسپیشل پراسیکیوٹر نے کہا کہ شہباز گل کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست نہیں بلکہ عدالت کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے، غیر حاضری پر شہباز گل کے وارنٹ گرفتاری جاری کئے جائیں۔ شہباز گل کے وکیل شہریار طارق نے عدالت کو بتایا کہ جسمانی ریمانڈ کے دوران ان کے مکمل کا طبی معائنہ کیا گیا، طبی معائنے میں شہباز گل کی بیماری کی تشخیص ہوئی، ٹرائل میں تاخیر کیلئے شہباز گل کی بیماری کی بات نہیں کی جارہی، شہباز گل کو ایک سے زائد صحت کے مسائل ہیں، سرکاری اسپتال کی طبی رپورٹ کی بنیاد پر شہباز گل کو پیشی سے استثنیٰ ملا، شہباز گل ابھی بھی اسپتال میں موجود ہیں، میڈیکل رپورٹ کے مطابق شہباز گل دمے کے مریض ہیں اور 7 دسمبر سے اسپتال میں زیر علاج ہیں، میڈیکل رپورٹ کے مطابق شہباز گل کو آکسیجن ماسک استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ وکیل شہریار طارق نے کہا کہ عدالتی کارروائی سے نہیں بھاگ رہے، اسپتال بھی جیل ہی کی طرح ہوتا ہے، شہباز گل کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کی جائے، صحت بہتر ہونے پر آئندہ سماعت پر شہباز گل عدالت پیش ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز گل ماضی میں بھی عدالت کے سامنے پیش ہوتے رہے ہیں، شہباز گل کی صحت انہیں فی الحال عدالت پیش ہونے کی اجازت نہیں دے رہی۔ جج نے استفسار کیا کہ لاہور میں اسموگ کا مسئلہ ہے، شہباز گل پمز اسپتال آکر علاج کیوں نہیں کراتے؟ جس پر ان کے وکیل نے بتایا کہ شہباز گل کی اسلام آباد میں کوئی رہائش نہیں، شہباز گل کی فیملی بتاتی ہے کہ ملزم کا آکسیجن لیول اوپر نیچے ہوتا رہتا ہے۔ ایڈیشنل سیشن جج نے پوچھا کہ شہباز گل کو کتنے دنوں کا آرام تجویز کیا گیا ہے؟ جس پر ان کے وکیل نے کہا کہ معلوم نہیں کتنے دنوں تک آرام کا مشورہ دیا گیا ہے۔ جج نے ریمارکس دیئے کہ کیا ٹرائل کو لامحدود وقت تک کیلئے ملتوی کردیں؟ کتنے دنوں کا آرام بتایا گیا ہے؟ وکیل نے کہا کہ اگر راستے میں شہباز گل کو کچھ ہوگیا تو میں انہیں آنے کا مشورہ نہیں دوں گا۔ جج طاہر عباس سپرانے کہا کہ ضمانت ملنے کے بعد تو شہباز گل بالکل تندرست دکھائی دیئے، شہباز گل نے تمام سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیا، بظاہر لگ رہا ہے کہ شہباز گل ٹرائل آگے بڑھانا نہیں چاہ رہے؟ عدالت نے کہا کہ شہباز گل کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کئے جاتے ہیں، شہباز گل 2 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرائیں اور اگلی پیشی پر حاضری یقینی بنائیں، کیس کی سماعت 6 جنوری تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 17

نی خبروں کے خلاف 15 ہزار سے زائد شکایات پر صرف 6 ہزار لنکس کو بلاک کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی بھی 7 ہزار سے زائد اکاؤنٹس مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، جن میں فیس بک، ٹوئٹر اور یوٹیوب شامل ہیں، پر فیک نیوز پھیلا رہے ہیں۔

بقیہ 18

قت قائم خانی کیخلاف ریفرنس کی سماعت کے دوران نیب پراسیکیوٹر عثمان مسعود مرزا عدالت پیش ہوئے۔ احتساب عدالت کے ایڈمنسٹریٹر جج محمد بشیر نے لیاقت قائم خانی کی درخواست پر فیصلہ سنا دیا۔ احتساب عدالت نے لیاقت قائم خانی کیخلاف ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا۔ احتساب عدالت نے ریفرنس متعلقہ فورم کو بھیجنے کا حکم دیا۔ لیاقت قائم خانی نے نیب ریفرنس کو چیلنج کیا تھا

بقیہ 19

لئے ہر ممکن وسائل فراہم کئے جائیں گے۔ اجلاس میں محکمہ زراعت کے پلانٹ وائز پروگرام کے ایم او یو کی بھی منظوری دی گئی۔ راجہ بشارت نے کہا کہ اس ایم او یو پر دستخط سے محفوظ زرعی پیداوار اور ادویات پروگرام میں استحکام آئے گا۔

بقیہ 20

دیگر ساتھیوں کے ہمراہ آیا اور زبردستی گھر میں گھس گیا اور گھر میں موجود اسکی 20 سالہ بیٹی یاسمین کو اغواء کرلیا اور نامعلوم مقام پر گیا۔ تھانہ سرائے مغل پولیس نے اغواء ہونے والی لڑکی کے والد حنیف کی تحریری درخواست پر اغفال سمیت تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ 21

پاکستان اور یونان کے چیمبرز آف کامرس کے درمیان قریبی روابط کے فروغ سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں مدد ملے گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر یونان کے بہترین سیاحتی طریقوں کو مثال بنائیں، نامزد سفیر یونان اور پاکستان کی سیاحتی صنعتوں کے درمیان روابط پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ عارف علوی نے کہا کہ یونان میں پاکستان کے سفیر پاکستانی کمیونٹی کے ساتھ مستقل رابطہ رکھیں، کونسلر خدمات کے سلسلے میں ان کے مسائل حل کریں۔ صدر مملکت نے کہا کہ نامزد سفیر پاکستان میں نادرا اور پاسپورٹ آفس کے ساتھ قریبی روابط پیدا کریں۔ عارف علوی نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کم ترقی یافتہ ممالک سے غیر رسمی ایگریشن روکنے کے لیے اربوں ڈالر خرچ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہجرت اور نقل وحرکت پر پاکستان اور یورپی یونین کے ڈائیلاگ سے یورپی یونین کے ممالک میں قانونی ہجرت کی نئی راہیں کھلیں گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی مہمان نوازی کو فروغ دے کر یونان میں پاکستان کے بارے میں تاثر بہتر بنانے کی کوششیں کی جانی چاہئیں۔ عارف علوی نے کہا کہ بے گناہ کشمیریوں کو بھارتی قابض افواج کے ہاتھوں مقبوضہ جموں وکشمیر میں ظلم وبربریت کا سامنا ہے، ہندوستان میں اقلیتوں کو ہندو اکثریتی آبادی کی طرف سے مسلسل ظلم وستم کا سامنا ہے، بھارتی اقلیتوں کی جان ومال کو خطرہ لاحق ہے اور عزت وآبرو کو پامال کیا جارہا ہے۔ صدر مملکت نے نامزد سفیر کو یونان میں سفیر کے طور پر تقرری پر مبارکباد دی

بقیہ 22

نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوٹھوار کی سربراہی میں ملزم کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دی تھیں، ملزم نے ایک ہفتہ قبل 9 سالہ بچی کو پلاٹ میں زیادتی کا نشانہ بنایا اور فرار ہوگیا۔ پولیس نے ملزم کو ٹریس کرنے کیلئے 50 سے زائد سی ٹی وی کیمروں اور ہیومن انٹیلی جنس سے مدد لی، پولیس ٹیمیں سینیئر افسران کی زیر نگرانی 24/7 ملزم کی تلاش میں مصروف رہیں اور دن رات محنت سے ٹریس کیا۔ ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی پوٹھوہار اور پولیس ٹیموں کو شاباش دی۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ متاثرہ بچی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ملزم کے ڈی این اے ٹیسٹ سمیت تمام قانونی تقاضے پورے کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، بچوں سے زیادتی پر زیرو ٹالیرنس ہے، ایسے درندہ صفت ملزمان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 23

دہشت گرد گروہوں کی معاونت بند کرے، پاک بھارت سمیت تمام تنازعات بات چیت سے حل ہونے چاہئیں، کشمیریوں کو حق خود ارادیت دیے بغیر جنوبی ایشیا میں امن قائم نہیں ہوسکتا، چین معاملے پر پاکستان افغان عبوری حکومت کے ساتھ رابطے میں ہے، پاکستان روس سمیت دیگر ممالک سے سستے تیل کی خریداری کے لئے کوشاں ہے، بلاول بھٹو زرداری کی گرفتاری کی خبر جھوٹ اور حقائق کے منافی ہے، گرفتاری کے سوال کی کسی سنجیدہ صحافی سے توقع نہیں تھی۔ ہفتہ وار میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اور دہشت گرد گروہوں کی معاونت بند کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت سمیت تمام تنازعات بات چیت سے حل ہونے چاہئیں، بھارت بات چیت کیلئے موضوع ماحول پیدا کرے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کو ترک کرے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارتی ریاستی دہشت گردی پر پاکستان نے ڈوزیئر تیار کیا ہے، بھارتی ریاستی دہشت گردی پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ارکان کو بھی ڈوزیئر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ نے دورہ امریکہ میں اہم ملاقاتیں کیں، ان ملاقاتوں میں بھارتی ریاستی گردی کا معاملہ اٹھایا گیا۔ وزیر خارجہ کے دورہ امریکہ کے حوالے سے بات کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ امریکہ میں عالمی دنیا کو وزیر خارجہ نے موسمیاتی تبدیلی سے ہونے والی تباہی سے آگاہ کیا ہے، موسمیاتی تبدیلی سے ترقی پزیر ممالک متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دورے کے دوران سیلاب سے متعلق ڈونرز کانفرنس کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ چمن معاملے پر پاکستان افغان عبوری حکومت کے ساتھ رابطے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چاہتا ہے کہ افغان سرزمین دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہو۔ چمن معاملے پر افغان ناظم الامور کو طلب کر کے شدید احتجاج کیا گیا ہے، چمن بلا اشتعال فائرنگ سے جانی و مالی نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغان عبوری حکومت کے ساتھ برادرانہ و دوستانہ تعلقات کا خواہاں ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان روس سمیت دیگر ممالک سے سستے تیل کی خریداری کے لئے کوشاں ہے، بیرون ممالک مشنز کو تنخواہوں اور اخراجات کیلئے رقوم کی وصولی شروع ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک پاکستان اور چین کیلئے اہم منصوبہ ہے، پاک چین مشترکہ کمیٹی کے اجلاس میں سی پیک کے منصوبوں کو تمام زاویوں سے جائزہ لیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ دونوں فریقین نے سی پیک کو بلا تعطل جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ برس سی پیک کی دسویں سالگرہ منائی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ گلبھوشن جادیو پراسیکیوٹر کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی گرفتاری کی خبروں کو جھوٹ قرار دیدیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی گرفتاری کی خبر جھوٹ اور حقائق کے منافی ہے، گرفتاری کے سوال کی کسی سنجیدہ صحافی سے توقع نہیں تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے 6 ماہ میں 16 ممالک کے دورے کیے جن میں وزیر خارجہ نے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، چین، سوئٹزرلینڈ، ترکی، ازبکستان، امریکا، جرمنی، مصر، انڈونیشیا، سنگاپور اور کمبوڈیا کا بھی دورہ کیا۔

بقیہ 24

بندیوں سے متعلق سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران اٹارنی جنرل اشتر اوصاف، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد جہانگیر جدون اور درخواستگزاران کے وکیل عادل عزیز قاضی کے علاوہ دیگر عدالت پیش ہوئے۔ پی ٹی آئی رہنماء علی نواز اعوان کی جانب سے توہین عدالت درخواست میں درخواست گزار وکیل نے کہا کہ پانچ مہینے پہلے وفاقی حکومت نے یونین کونسلز کی تعداد میں اضافہ کیا، بلدیاتی انتخابات سے بارہ دن قبل ایک بار پھر حکومت نے یونین کونسلز کی تعداد بڑھا دی، اٹارنی جنرل اشتر اوصاف روسٹرم پر آگئے اور کہا کہ درخواست گزار کی جانب سے یونین کونسلز کی تعداد بڑھائے جانے کا نوٹیفکیشن چیلنج نہیں کیا گیا، عدالت نے ڈی جی الیکشن کمیشن سے استفسار کیا کہ ڈی جی صاحب یونین کونسلز سے متعلق کوئی نیا نوٹیفکیشن آیا ہے جس پر ڈی جی الیکشن کمیشن نے بتایا کہ جی نوٹیفکیشن تو آیا تھا تاہم ہم نے اس پر آرڈر بھی کردیا ہے، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آرڈر جاری کیا ہے آپ نے، ڈی جی الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہم نے آرڈر کیا ہے کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات وقت پر ہونگے۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ حکومتی نوٹیفکیشن کے بعد بھی الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ عدالت نے علی نواز اعوان کے وکیل سے استفسار کیا کہ انتخابات ہورہے ہیں تو توہین عدالت کیسے ہوگئی؟ آج میں وفاقی حکومت کو روک دوں کہ آئندہ کوئی قانون پاس نہیں کرنا؟ چیف جسٹس نے کہا کہ پارلیمنٹ کو قانون سازی سے نہیں روک سکتے ہیں؟، اس حوالے سے ایک اور پٹیشن بھی ہے جس میں ووٹرز عدالت آئے ہوئے ہیں، لوکل گورنمنٹ الیکشن کے حوالے سے تمام درخواستوں کو یکجا کر کے ایک سماعت کریں گے، چیف جسٹس نے کہا کہ یونین کونسلز بڑھانے کی منظوری کابینہ نے دی تو درخواست صرف وزیر اعظم کیخلاف کیوں؟ اگر کوئی مسئلہ ہے بھی تو امید ہے کہ حکومت اور الیکشن کمیشن مل کر حل کرلیں گے، ووٹرز نے بھی ووٹ تبدیلی کیخلاف درخواست دی ہوئی ہے، میرے خیال میں وہ معاملہ زیادہ اہمیت کا حامل ہے، بلدیاتی

عمران خان نے ملک کی نوجوان نسل کو تباہ کر دیا ہے، سلیم رضا

حصول اقتدار کی خواہش پوری نہیں ہوگی قوم ان کے جھوٹے بیانیہ کو مسترد کر چکی

جلد قوم کو پٹرولیم مصنوعات میں بھی بڑے پیمانے پر کمی کی خوشخبری ملے گی، رہنما ن لیگ

لاہور (نمائندہ) مسلم لیگ (ن) اسیر رہنما کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان نے ملک کی نوجوان نسل کو تباہ کر دیا ہے، عمران خان کی حصول اقتدار کی خواہش پوری نہیں ہوگی قوم ان کے جھوٹے بیانیہ کو مسترد کر چکی ہے، تحریک انصاف نے معیشت کو تباہ کر کے ملک کو دیوالیہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے دعویدار کھلاڑی عمران خان نے ملک کو تباہ حال کر دیا لیکن مسلم لیگ (ن) نے اپنی سیاست داؤ پر لگا کر ریاست بچانے کے لیے مشکل حالات میں ملک کی باگ دوڑ سنبھالی، ان شاء اللہ میاں شہباز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) اتحادی (بقیہ نمبر 2 3)

لاہور، ڈیجیٹل چلاننگ کے ثمرات آنا شروع

پٹرولنگ آفیسر نے چوری کی موٹرسائیکل پکڑ لی

لاہور (این این آئی) لاہور میں ڈیجیٹل چلاننگ کے ثمرات آنا شروع ہوگئے، پٹرولنگ آفیسر نے چوری کی موٹرسائیکل پکڑ لی۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد ملہی نے بتایا کہ وارڈن نے خلاف ورزی پر موٹرسائیکل سوار کو روکا، موبائل ایپ میں موٹرسائیکل کا نمبر لکھنے پر چوری کا ریکارڈ سامنے آ گیا، موٹرسائیکل اور ڈرائیور دونوں کو (بقیہ نمبر 1 3)

چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد امجد خان ملازمین کے بچوں کو بھرتی کا تقرر نامہ دے رہے ہیں

نمرہ ملک کی نئی کتاب کہیں تھل میں سستی روتی ہے مارکیٹ میں آ گئی

معروف مصنفہ، شاعرہ اور صحافی نمرہ ملک کی نئی کتاب کی شاندار پزیرائی، ہر طرف کتاب کے چرچے، پسندیدگی کے ریکارڈ ٹوٹ گئے

شاہینوں کے شہر سرگودھا میں میری کتاب کی پزیرائی میرے لیے اعزاز کی بات ہے، "نمرہ ملک کا اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب

گوجرانوالا (حرم فاطمہ کی خصوصی رپورٹ) حیات مستعار کے ہر لمحہ کا حساب چکانا کامیاب زندگی کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہمارا آنے والا کل، آج سے بہتر ہونا چاہیے۔ اقبال کے نظریہ خودی اور محمد علی جناح کی اصول پسندی ہمارے لیے کامیابی کے راستے ہیں۔ اسلام عمل کا دین ہے ہمیں باتوں سے بالاتر ہو کر عمل کے خوگر ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار معروف ماہر تعلیم پروفیسر ڈاکٹر (بقیہ نمبر 4 6)

پنجاب میں توانائی بچت کے لئے سولر سٹریٹ لائٹس لگانے کا منصوبہ تیار

6 لاکھ 34 ہزار سٹریٹ لائٹس کی جگہ سولر سٹریٹ لائٹس لگائی جائیں گی، سیکرٹری بلدیات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ بلدیات پنجاب نے توانائی کی بچت کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے صوبہ بھر میں سولر سٹریٹ لائٹس لگانے کا منصوبہ تیار کر لیا، 6 لاکھ 34 ہزار سٹریٹ لائٹس کی جگہ سولر سٹریٹ لائٹس لگائی جائیں گی۔ سیکرٹری بلدیات سید مبشر حسین کی زیر صدارت سولر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے حوالے سے اجلاس (بقیہ نمبر 3 3)

اسلام آباد سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سکرٹری چوہدری یسین کو ترقی پانے پر ملازمین پروموشن لیٹر تقسیم کر رہے ہیں

فیصل آباد، بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے، مسلح افراد کی فائرنگ سے ادھیڑ عمر شخص زخمی

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے، مسلح افراد کی فائرنگ سے ادھیڑ عمر شخص بری طرح زخمی ہو گیا، ریسکیو 1122 نے مضروب کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ہسپتال پہنچا دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ رضا آباد کے علاقہ کوکیانوالہ کے قریب جمیل پارک گلی نمبر 8 کے رہائشی محمد سلیم ولد علی محمد کی ملزمان سے پرانی عداوت بازی (بقیہ نمبر 4 3)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ضلع بھر کے مختلف تھانوں چوکیات کا اچانک دورہ

جانفشانی سے فرائض منصبی ایمانداری کے ساتھ ادا کرنے والے اہلکاروں کو شاباش دی گئی

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عمران خان کا موجودہ حالات کے پیش نظر ضلع بھر کے مختلف تھانوں چوکیات کا اچانک دورہ کیا۔ سی سی ٹی وی کیمرے چیک کئے گئے غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات جبکہ جانفشانی سے فرائض منصبی ایمانداری کے ساتھ ادا کرنے والے اہلکاروں کو (بقیہ نمبر 3 5)

لوچستان کے طلبا کے لئے عرصہ دراز سے سخت جہد و جہد اور طویل کوششوں کے نتیجے میں میڈیکل کالجز میں کوٹہ بحال کر دیا گیا

ڈیزل سے ڈرموں کو نامعلوم وجوہات کی بناء پر آگ لگی، مزدا گاڑی اور تیل کے ڈرم جل کر راکھ

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد ڈیزل سے ڈرموں کو نامعلوم وجوہات کی بناء پر آگ لگ گئی آگ کے شعلوں نے مزدا گاڑی اور تیل کے ڈرموں کو جلا کر راکھ کر دیا، ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پایا تفصیلات کے مطابق شیر و آنہ شاکوٹ جڑانوالہ روڈ پر ایک مزدا گاڑی پر ڈیزل آئل (بقیہ نمبر 3 6)

سی ڈی اے مزدور یونین نے ہمیشہ ملازمین کی خوشحالی اور بہتری کے لیے عملی طور پر اقدامات کیے، چوہدری محمد یسین

اسلام آباد (نامہ نگار) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کی کاوشوں سے مارکیٹ اینڈ روڈ سینٹی ٹینس، پارلیمنٹ ہاؤس اور سیکٹر ڈویلپمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے مختلف ملازمین کو سنیارٹی کی بنیاد پر ترقی دے دی گئی، اسی سلسلے میں ملازمین میں پروموشن لیٹر تقسیم کرنے کی تقریب مرکزی یونین آفس میں منعقد ہوئی، اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین، صدر اورنگزیب خان (بقیہ نمبر 3 8)

فیصل آباد ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، انسولین نایاب ہوگئی

شوگر کے مرض میں استعمال ہونے والی انسولین کی بھی شدید قلت ہے

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد مارکیٹ میں ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا، شوگر کے مرض میں استعمال ہونے والی انسولین کی بھی شدید قلت ہے، 3 وقت دوا کا استعمال کرنے والے مریض مہنگائی کے باعث اب صرف 2 یا 1 وقت کی دوا خریدنے پر مجبور ہیں۔ سول سیل کیمسٹ کونسل آف پاکستان کے صدر عاطف بلو کا کہنا ہے کہ اس وقت مارکیٹ میں انسولین سمیت جان بچانے والی دیگر ادویات کی قلت برقرار ہے جبکہ بیر (بقیہ نمبر 3 7)

تمام آپریشن سرکلز میں منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری

کھلی کچہریوں کا انعقاد صارفین کے مسائل جاننے کے لئے بہترین فورم ہیں، محمد امجد خان

اسلام آباد (نامہ نگار) آئیسکو انتظامیہ اور فیلڈ فارمیشنز نے ہمیشہ سے کوشش کی ہے کہ معزز صارفین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ انہیں بہترین سروسز کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے، اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس لیے آئیسکو نے تمام آپریشن سرکلز میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سرکل (بمقام G - 6 سب ڈویژن آئیسکو، اسلام آباد)، راولپنڈی سٹی سرکل (بمقام کوہسار میرج ہال، گلی نمبر 30، پیپلز کالونی ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی)، راولپنڈی کینٹ سرکل (بمقام آئیسکو روات سب ڈویژن نزد 132KV گرڈ ا (بقیہ نمبر 3 9)

لاہور پڑھائی کی عمر میں بچوں نے لنڈا بازار میں جوتوں کا سٹال لگا رکھا ہے

برسر صغیر کی معروف گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کی 22 ویں برسی (آج) 23 دسمبر کو منائی جائے گی

کموآنہ (این این آئی) برصغیر کی معروف گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں کی 22 ویں برسی (آج) 23 دسمبر کو منائی جائے گی، ان کے مداح انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں خصوصی تقاریب کا اہتمام کریں گے جس میں عزیز و اقارب اور فلمی دنیا سے وابستہ شخصیات شریک ہوں گی جبکہ مرحومہ کی روح کے (بقیہ نمبر 0 4)

فیصل آباد بھینس کا 24 گھنٹوں میں 28.300 کلوگرام دودھ دینے کا عالمی ریکارڈ

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد بھینس کا 24 گھنٹوں میں 28.300 کلوگرام دودھ دینے کا عالمی ریکارڈ، ڈویژنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر حیدر علی خان نے بھینس کے مالک عرفان علی گجر کو اعزازی شیلڈ اور گلدستہ سے نوازا۔ ڈائریکٹر ڈی جی پی آر اویس عابد کے مطابق ڈائریکٹوریٹ (بقیہ نمبر 4 1)

گوجرخان پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) گوجرخان پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، مسروقہ 05 موٹر سائیکلز برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں (بقیہ نمبر 3 6)

گوجرخان پولیس کی کاروائی، ایک ماہ قبل سبزی فروش کو قتل کرنے والے 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) گوجرخان پولیس کی کاروائی، ایک ماہ قبل سبزی فروش کو قتل کرنے والے 03 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ایک ماہ قبل سبزی فروش کو قتل کرنے والے 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں علی قدر، زرین اور وقاص عارف شامل ہیں، ملزمان نے سابقہ رنجش کی بنا (بقیہ نمبر 1 6)

برائلر گوشت کی قیمت میں 8 روپے فی کلو کمی

فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 8 روپے کمی سے 459 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کمی سے 306 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔

راولپنڈی پولیس کے کرسمس کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات

کرسمس کے موقع پر فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا

راولپنڈی (نامہ نگار) راولپنڈی پولیس کے کرسمس کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 3200 سے زائد افسران و ملازمان فرائض سرانجام دیں گے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے، کرسمس کے موقع پر فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری۔ (بقیہ نمبر 2 6)

راولپنڈی: موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان پولیس کی حراست میں

عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت اپنے بچوں سے بڑھ کر کی جائے، مولانا علیم الدین شاکر

عقیدہ ختم نبوت کیلئے سب قربان کرنا سعادت سمجھتے ہیں، پاکستان میں موجود مساجد، مدارس اسلام کا روشن مینارہ ہیں

لاہور (این این آئی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلیٰ، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرہ طلبات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت اپنے بچوں سے بڑھ کر کی جائے، پاکستان میں ہر ایسے گروہ کا تعاقب جاری رکھیں گے جو دین اسلام میں نقب لگانے کی کوشش کرے گا، ملک میں ختم نبوتؐ کے انکار کرنے والے مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر سادہ لوح لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ ان خیا (بقیہ نمبر 0 6)

راولپنڈی: سبزی فروش کو قتل کرنیوالے ملزم پولیس کی حراست میں

سردی سے بچنے کیلئے جلائی گئی آگ سے جھلس کر ایک شخص جاں بحق

جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت علی رضا کے نام سے ہوئی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں محمود بوٹی رنگ روڈ کے قریب آگ سے جھلس کر ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ 25 سالہ نوجوان نے سردی سے بچنے کے لیے آگ جلائی تھی جس کے زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت علی رضا کے نام سے ہوئی۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ایدھی رضا کاروں نے مردہ خانے منتقل کر دیا۔

نامعلوم افراد نے طالبعلم کو اغواء کر لیا، مقدمہ درج

ہ داؤد کا رہائشی 16 سالہ محمد حسنین گھر سے اکیڈمی پڑھنے گیا تھا

رائے ونڈ (این این آئی) نامعلوم افراد نے طالب علم کو اغواء کر لیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ داؤد کا رہائشی 16 سالہ محمد حسنین گھر سے اکیڈمی پڑھنے گیا لیکن گھر واپس نہیں پہنچا، لاپتہ طالب علم کے بھائی شہباز احمد نے شک ظاہر کیا ہے کہ اسکے بھائی کو نامعلوم افراد نے اغواء کر لیا ہے تھانہ مانگا منڈی پولیس نے مدعی کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا ہے۔ نامعلوم افراد نے طالب علم کو اغواء کر لیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

فیصل آباد: جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی

سونیا 5 روز سے الائیڈ ہسپتال میں موت و حیات کی کشمکش میں ہے

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد جعلی عاملہ نے ذہنی معذور خاتون کو آگ لگا دی، ملزمہ شمیم نے غیر مرئی مخلوق نکالنے کے بہانے سونیا کو جلایا، ملزمہ نے پہلے سونیا کو لوہے کی گرم سلاخوں سے جلایا اور پھر علاج کی غرض سے کوئلے جلا کر آگ میں جھونک دیا۔ تھانہ غلام محمد آباد کے علاقہ میں پیش آئے واقع کے مطابق متاثرہ خاتون سونیا کے علاج کے لئے ہمسائے وسیم نے اپنی ساس کو بلایا تھا، ملزمہ شمیم نے غیر مرئی مخلوق نکالنے کے بہانے سونیا کو جلا دیا، سونیا 5 روز سے الائیڈ ہسپتال میں موت و حیات کی کشمکش میں ہے۔ پولیس نے غیر انسانی واقعے کا مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ متاثرہ خاتون کے بھائی وسیم شہباز کی مدعیت میں تھانہ غلام محمد آباد میں درج کیا گیا، مقدمے میں شمیم، عالیہ، زرینہ اور وسیم دلاور کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمہ نے پہلے سونیا کو لوہے کی گرم سلاخوں سے جلایا اور پھر علاج کی غرض سے کوئلے جلا کر سونیا کو آگ میں جھونک دیا، سونیا کی طبعیت بگڑنے پر اسے تشویشناک (بقیہ نمبر 4 4)

لاہور ایک بزرگ محنت کش اپنے خاندان کا پیٹ پالنے کیلئے پھیری لگا کر سویاں فروخت کر رہا ہے

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر احمد گھیبہ اور انکی ٹیم کی اہم کاروائی گزشتہ ماہ سبزی فروش کو تشدد کر کے قتل کرنے والے ملزمان گرفتار

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک نذیر گھیبہ اور ایچ آئی یو انچارج سب انسپکٹر ملک مسعود نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے گزشتہ ماہ حبیب کنیال کے رہائشی سبزی (بقیہ نمبر 4 6)

سردی کے باعث نزلہ، زکام، کھانسی بخار اور سینے کی انفیکشن میں اضافہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں بھی درجہ حرارت کم ہونے کے باعث نزلہ، زکام، کھانسی، بخار اور سینے کی انفیکشن کی بیماریوں میں اضافہ ہو گیا۔ راولپنڈی کے تینوں بڑے ہسپتالوں بی بی ایچ، ہولی فیملی اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال (بقیہ نمبر 4 7)

دوران سروس وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کو ملازمت فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) آئیسکو انتظامیہ اپنے جفاکش اور محنتی ورکرز کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھتی ہے، ان خیالات کا اظہار چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو انجینئر قمر الاسلام راجہ نے آئیسکو ہیڈ آفس میں دوران ملازمت کام کے دوران حادثے کا شکار ہو کر یا طبعی طور پر وفات پانے والے ملازمین کی بیواؤں اور بچوں میں بھرتی کے تقرر نامے تقسیم کرتے (بقیہ نمبر 4 3)

ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اور انکی ٹیم موٹر سائیکل چوری کرنے والے گینگ ریکٹ کو توڑنے میں کامیاب

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے پولیس تھانہ گوجرخان ایس ایچ او ملک نذیر گھیبہ اور انکی ٹیم آخرکار شہر میں جاری ہوشربا موٹر سائیکل چوری کرنے والے گینگ کے ریکٹ کو توڑنے میں کامیاب پولیس تھانہ گوجرخان نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برامد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزمان کو پابند سلاسل کر دیا پولیس (بقیہ نمبر 4 5)

لاہور میں مینڈک کے گوشت فروخت کی خبر جھوٹی قرار

پولیس نے مینڈک کا گوشت فروخت کرنے پر 2 افراد کو گرفتار نہیں کیا، ترجمان

لاہور (عوامی للکار) پنجاب فوڈ اتھارٹی اور پولیس نے کہا ہے کہ مینڈک کا گوشت فروخت کرنے پر 2 افراد کو گرفتار نہیں کیا اور اور نہ ہی کہیں مینڈک کا گوشت برآمد ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق متعدد آن لائن پوسٹس کے مطابق لاہور میں پولیس نے مینڈکوں کا گوشت شہر کے کھانے پینے کی جگہوں پر فروخت کرنے والے 2 افراد کو گرفتار کر لیا۔ (بقیہ نمبر 4 8)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

رائے ونڈ میں بجلی کی 14 گھنٹے طویل بندش سے نظام زندگی مفلوج

شہر اور گردونواح کے علاقوں میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں بجلی کی 14 گھنٹے طویل بندش سے نظام زندگی مفلوج ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کی شب 10 بجے بجلی بند ہوئی جو جمعرات کی دوپہر 12 بجے بحال کی گئی جس سے شہر اور گردونواح کے علاقوں میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بجلی کیساتھ ساتھ گیس کی لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کر دیا، بجلی طویل بندش سے مساجد میں پانی کا ذخیرہ ختم ہونے سے نمازیوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اسی طرح خواتین کو امور خانہ داری سرانجام دینے میں دشواری پیش آئی، بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ سے کاروباری نظام متاثر ہوا، چھوٹا کاروبار کرنیوالے درزی، حجام، دھوبی، مکینک وغیرہ (بقیہ نمبر 9 5)

فیصل آباد غربت اور روزگاری سے تنگ پر نوجوان نے زہریلی گولیاں نگل لیں

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد غربت اور روزگاری سے تنگ پر نوجوان نے زہریلی گولیاں نگل لیں جسے طبی امداد کے بعد الائیڈ ہسپتال منتقل کیا گیا تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے نواحی علاقہ چک نمبر 187 رب ملہوآنی کے رہائشی 25 سالہ شریف نے بے روزگار تھا اور آئے روز گھروں سے جھگڑا رہتا (بقیہ نمبر 5 8)

رائے ونڈ، مسافروں کے روپ میں ڈاکوؤں نے ڈرائیور سے رکشہ، نقدی چھین لی

رائے ونڈ (این این آئی) مسافروں کے روپ میں ڈاکوؤں نے رکشہ ڈرائیور سے رکشہ اور نقدی چھین لی۔ تفصیلات کے مطابق جوہر ٹاؤن کے رہائشی شوکت علی رکشہ ڈرائیور کے مطابق اس نے گھوڑا سکیم سے تین سواریاں بٹھائیں جنہوں نے (بقیہ نمبر 5 6)

سرگودھا، شاہراہ پر شدید دھند

تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

سرگودھا (ظہور حسین سے) شاہراہ پر شدید دھند کے باعث تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا جس کی نعش ہسپتال منتقل کر کے ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی گئی۔ اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا رینجن میں شدید دھند کے باعث بھکر کے خانسر روڈ پر تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق ہو گیا جس کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا اور نعش ضروری کاروائی کے بعد (بقیہ نمبر 5 7)

سٹی ٹریفک پولیس کا نیشنل ورکنگ وومن ڈے پر تمام باہمت ورکنگ خواتین کو سلام

ورکنگ وومین کی عزت و تکریم کا تحفظ، ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، سی ٹی او ڈاکٹر اسد ملہی

لیڈی وارڈنز نہ صرف سڑکوں بلکہ دفاتر ہائے میں وارڈنز کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کئے ہوئی ہیں

لاہور (عوامی للکار) سٹی ٹریفک پولیس نے نیشنل ورکنگ وومین ڈے پر تمام باہمت ورکنگ خواتین کو سلام پیش کیا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد ملہی نے کہا کہ اسلام خواتین کے حقوق کے تحفظ کا سب سے بڑا علمبردار ہے، ورکنگ وومین کی عزت و تکریم کا تحفظ، ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، نیشنل ورکنگ وومین ڈے کا مقصد انکی صلاحیتوں کا اقرار، اہمیت کو اجاگر اور انہیں مزید مستحکم کرنا ہے، زندگی کے کسی بھی شعبے میں خواتین کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ٹریفک پولیس میں لیڈی وارڈنز کو اہم پوسٹس پر تعینات کیا گیا ہے، ٹریفک پولیس میں خواتین کی بڑی تعداد شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے ہوئے ہے، لیڈی وارڈنز ایجوکیشن (بقیہ نمبر 5 5)

پاکستان 141.5 ملین ٹن مرچ پیدا کرتا ہے، میں زرعی ماہرین

کموآنہ (این این آئی) پاکستان، سرخ مرچ پیدا کرنے والے بڑے ممالک میں سے ایک ہے اور 141.5 ملین ٹن مرچ پیدا کرتا ہے، پاکستان میں 85 فیصد مرچ صوبہ سندھ میں پیدا ہوتی ہے۔ ملک (بقیہ نمبر 3 5)

محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب کے 9 سپروائزرز کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے عہدے پر ترقی

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان نے محکمانہ پروموشن کمیٹی کی سفارشات پر محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب کے 9 سپروائزرز کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف کے عہدے پر ترقی دیدی اور اس (بقیہ نمبر 2 5)

فیصل آباد، ضلعی انتظامیہ آٹے کا بحران کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی

کموآنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور ضلع بھر میں آٹے کا بحران جاری، سستا آٹا سیل پوائنٹس پر آٹا نہ پہنچ سکا، شہر بھر میں سستے آٹے کیلئے مردوں خواتین، بچوں اور بزرگوں کی لمبی قطاریں، ڈویژنل کمشنر، ڈسٹرکٹ محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے فلور ملز مالکان شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے، ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے روزانہ سیل پوئنٹس کی لسٹیں تیاری کی جاتی ہیں فلوروں کی جانب ضلعی انتظامیہ کے مقرر سیل پوائنٹس کو آٹا (بقیہ نمبر 4 9)

مسیحی برادری کی کرسمس تیاریاں جاری

سانتا کلاز کے مجسموں، کرسمس ٹریز سے خوبصورتی کے ساتھ سجایا جا رہا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مسیحی برادری کا مذہبی تہوار کرسمس قریب آتے ہی راولپنڈی و جڑواں شہروں میں کرسمس کی تیاریاں بھرپور طریقے سے شروع ہو گئیں۔ مسیحی برادری نے بچوں سمیت بازاروں کا رخ کر لیا۔ گھروں، کالونیوں اور گرجا گھروں کو خوبصورتی (بقیہ نمبر 4 5)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 18 ہزار 500 کیوسک رہا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 18 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 27 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 300 کیوسک، خیرآباد پل آمد 14 ہزار 0 0 6 کیوسک، اخراج 14 ہزار 600 کیوسک، جہلم منگلا کے مقام پر آمد 9 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 5 ہزار 0 0 3 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک رہا۔ (بقیہ نمبر 1 5)

پسماندہ قبائلی اضلاع اور بلوچستان کے غریب و نادر طلبا کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا

تعلیم ہی کے ذریعے پرامن معاشرہ تشکیل ہوتا ہے اور انہی تعلیم کی وجہ سے قومیں ترقی کرتی ہیں

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) جناب ڈپٹی چیئرمین سینٹ مرزا محمد آفریدی نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع اور بلوچستان کے طلبا کے لئے عرصہ دراز سے سخت جہد و جہد اور طویل کوششوں کے نتیجے میں میڈیکل کالجز میں کوٹہ بحال کر دیا گیا ہے جس سے وہ مفت طبی تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی و صوبائی وزراء، ہیلتھ سیکرٹریز، پارلیمنٹرین، پی ایم سی، ایچ ای سی اور دیگر حکام کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے پسماندہ قبائلی اضلاع اور بلوچستان کے غریب و نادر طلبا کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا اور کوٹہ سسٹم ایک پھر بحال کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ فاٹا اور بلو (بقیہ نمبر 5 0)

تجربہ کار حکومت نے آٹھ ماہ میں ہی عوام کو پتھر کے دور میں پہنچا دیا

بجلی و گیس غائب، سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس کے پریشر میں کمی سے گھریلو خواتین کا پارہ ہائی

گھریلو صارفین تو اپنی جگہ، ہوٹلوں سمیت دیگر کاروباری حضرات بھی گیس پریشر کم ہونے کے عذاب سے نہ بچ سکے

نارووال (این این آئی) تجربہ کار حکومت نے آٹھ ماہ میں ہی عوام کو پرانے پاکستان کی بجائے پتھر کے دور میں پہنچا دیا، بجلی آ رہی ہے نہ گیس، سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس کے پریشر میں کمی سے گھریلو خواتین کا پارہ ہائی، حکومت کو دہائیاں دیتی رہیں۔ بتایا گیا ہے کہ موسم سرد ہوتے ہی نارووال شہر میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور پریشر میں کمی سے خواتین کا کھانا پکانا (بقیہ نمبر 4 2)

آیان

عامر محمود 0311-5185882

فیاض احمد 0300-7817756

ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس

ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے

نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے

ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG اینڈ آٹو ورکشاپ

CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں

فری آئل چینج

مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129

مکینک ظفر اقبال 0343-6818018